www.haal.com.pk

روزنامہ
حال
کوئٹہ

جلد نمبر 29
شمارہ نمبر 326
قیمت 10 روپے

بروز ہفتہ 28 نومبر 2026ء
17 جمادی الثانی 1448ھ

E-mail:dailyhaalmail@gmail.com ABC Certified Daily HAAL Quetta Ph: 081-2826300

گوادر، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی خواتین سیکنڈری اسکول ٹیچرز کو تعیناتی آرڈرز دے رہے ہیں

شہباز شریف، محمد حنیف عباسی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ریلوے منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے اور اس ضمن میں مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے وزیراعظم ہاس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک میں ریلوے کے جاری او (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمٰن کو لاہور میں 11 گھنٹوں سے زائد محصور رکھا گیا، تصادم سے بچنے کے لیے گرفتاری دینے کا فیصلہ کیا، اسلم غوری

گرفتاریاں اور جیلیں ہماری جدوجہد کا راستہ نہیں روک سکتیں

تمہاری جیلیں ختم ہو جائینگی لیکن ہمارے کارکن ختم نہیں ہونگے مولانا فضل الرحمن

ہمارے اکابر نے پھانسیوں کو چوما ہے، ہم خود جیل کے دروازے پر جا کر گرفتاریاں دیں گے اور پوری استقامت کے ساتھ حالات کا مقابلہ کریں گے، احتجاجی تحریک جاری رہے گی

جے یو آئی سربراہ کی ملک بھر میں جاری دھرنے ملتوی کرنے اور ضلعی ہیڈکوارٹرز میں احتجاجی مظاہروں کی ہدایت، کارکنوں کو جوش کے بجائے ہوش اور نظم وضبط سے کام لینے کی تاکید

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے واضح کیا ہے کہ گرفتاریاں اور جیلیں ان کی جماعت کے حوصلے پست نہیں کرسکتیں اور احتجاجی تحریک ہر صورت جاری رہے گی۔ انہوں نے ملک بھر میں جاری دھرنے فی الحال ملتوی کرنے اور نماز جمعہ کے بعد ضلعی ہیڈکوارٹرز میں احتجاجی مظاہرے کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کارکنوں کو جوش کے بجائے ہوش سے کام لینے اور جماعتی قیادت کی ہدایات کے مطابق جدوجہد جاری رکھنے کا حکم دیا ہے۔ جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی میڈیا سیل کی جانب سے جاری بیان کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے کارکنوں کے عزم، استقلال اور جرات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام اپنا ہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو میونسپل کارپوریشن گوادر میں ادارے سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

یواے ای کی کویت پر ایرانی ڈرون حملے کی شدید مذمت، مکمل یکجہتی کا اظہار

ابوظہبی (آن لائن) متحدہ عرب امارات نے کویت پر ایران کے ڈرون حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کویتی خودمختاری کی کھلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار

واشنگٹن (آن لائن) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں پر حملوں کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

موجودہ انتخابی قوانین کے تحت خواتین کو ٹکٹ دینے کا اختیار سیاسی پارٹی کا ہوتا ہے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ موجودہ انتخابی قوانین کے تحت خواتین کو ٹکٹ دینے کا اختیار سیاسی پارٹی کا ہوتا ہے، اس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مولانا فضل الرحمٰن تصادم چاہتے ہیں

مولانا کو پاکستان اور طالبان میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہوگا، بلاول زیادہ غصہ کررہے ہیں عوامی ریلے سے اتنا خوف کیوں ہے؟ عطا تارڑ

مولانا فضل الرحمان کا احتجاج کوئی اتنی بڑی بات نہیں، معمولی ٹریفک جام ہوتے رہتے ہیں، وہ عسکری جماعت کی طرح برتاؤ کر رہے ہیں، انہیں ایک قدم پیچھے ہٹ کر راستے نکالنے چاہئیں

اگر بلاول بھٹو زرداری بانی پی ٹی آئی کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں تو انہیں عدالت میں قانونی دلیل دینی چاہیے، بلاول سیاسی دلیل کی جگہ قانونی اور قانونی دلیل کی جگہ سیاسی دلیل دے رہے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کا احتجاج کوئی اتنی بڑی بات نہیں، معمولی ٹریفک جام ہوتے رہتے ہیں تاہم مولانا فضل الرحمان کی جماعت کے لوگ بھی انہیں سمجھا رہے ہیں لیکن وہ تصادم چاہتے ہیں، مولانا فضل الرحمان کو پاکستان اور طالبان میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہیں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہے یا افغانستان اور طالبان کے ساتھ، وہ ایک عسکری جماعت کی طرح برتاؤ کررہے ہیں، انہیں ایک قدم پیچھے ہٹ کر راستے نکالنے چاہئیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اگر راستے بند نہ کیے جائیں تو معاملات بہتر ہوسکتے ہیں، یہ اچھا نہیں لگتا کہ مشرف کا ایل ایف او منظور کرانے والے مولانا فضل الرحمان آج ایک جمہوری حکومت کے ریفرنڈم کو غلط قرار دے رہے ہیں۔ بلاول بھٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر پاور سردار اویس لغاری کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر پاور سردار اویس لغاری نے ملاقات کی۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

حبہ چوہدری کے کاکڑ کہلانے کا معاملہ ہائیکورٹ پہنچ گیا

کوئٹہ (آن لائن) حبہ چوہدری کی جانب سے خود کو کاکڑ قبیلے سے منسوب کرنے کا معاملہ بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ ایڈووکیٹ نثار کاکڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

لیبیا کشتی حادثہ، اطلاعات کی اب تک آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی، دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے لیبیا کے قریب تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے اور حادثے میں پاکستانی شہریوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

چھوٹے اور میانے درجے کے کاروبار معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں شہباز شریف

ایس ایم ایز کو سہولت دینے کیلئے بینک صرف قرضوں کی فراہمی ہی نہیں بلکہ لیٹرز آف کریڈٹ کے اجرا میں بھی معاونت کریں

ایس ایم ایز کے کیش فلو کو بھی قرضوں کی فراہمی کے لیے ضمانت کے متبادل پیمانے کے طور پر دیکھا جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے ایس ایم ایز کے لیے قرضوں کے حصول کے طریقہ کار کو مزید آسان بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کو سہولت دینے کیلئے بینک صرف قرضوں کی فراہمی ہی نہیں بلکہ لیٹرز آف کریڈٹ کے اجرا اور بینک گارنٹیز کی فراہمی میں بھی معاونت کریں، ایس ایم ایز کو قرضوں کی فراہمی کے مقررہ اہداف حاصل کرنے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ایس ایم ای فنانسنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سرکاری ملازمتیں سفارش کے بجائے قابلیت اور میرٹ سے مشروط ہے سرفراز بگٹی

صوبے کے باصلاحیت نوجوانوں کو میرٹ پر ان کا حق دیا جائیگا اور کسی کو بھی اہل امیدواروں کی حق تلفی کی اجازت نہیں دی جائیگی

نوجوانوں کو قابلیت کے مطابق آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا حکومتی پالیسی کا بنیادی اصول ہے، تقریب سے خطاب

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گوادر کے 99 سیکنڈری اسکول ٹیچرز کو میرٹ کی بنیاد پر تعیناتی کے آرڈرز جاری کردیے، تعیناتی کے آرڈرز حاصل کرنے والوں میں خواتین اساتذہ بھی شامل ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے میرٹ پر کامیابی حاصل کرنے والی خواتین اساتذہ میں خود تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کیے اور ان سے بھرتیوں کے پورے عمل میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، گیس لیکیج سے گھر میں دھماکہ، خاتون سمیت 2 افراد جھلس کر زخمی

غوث آباد میں گیس دھماکہ، زخمیوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) غوث آباد میں گوبر میدانی کے قریب واقع ایک گھر میں گیس لیکیج کے باعث دھماکہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

عمران خان سیاسی قیدی، مولانا کی آواز دبائی نہیں جاسکتی بلاول بھٹو

مولانا کی نظر بندی قابل مذمت ہے وہ نہ کسی پر تنقید کررہے ہیں اور نہ کسی کو گالی دے رہے ہیں، صرف اپنا موقف پیش کررہے ہیں

پی ٹی آئی ایک سیاسی حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا، چیئرمین پیپلز پارٹی بانی پی ٹی آئی کو ایک بار پھر سیاسی قیدی قرار دیا

ملتان (آن لائن) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو سب سے محنتی وزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ محسن نقوی ان کے بڑے بھائی ہیں، کافی ذمے داریاں اٹھا رہے ہیں۔ بلاول نے اپنے بیان میں بانی پی ٹی آئی کو ایک بار پھر سیاسی قیدی قرار دیا اور کہا کہ پی ٹی آئی ایک سیاسی حقیقت ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کی نظر بندی کی بھی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ نہ کسی پر تنقید کررہے ہیں اور نہ کسی کو گالی دے رہے ہیں، صرف اپنا موقف پیش کررہے ہیں، ان کی آواز دبائی نہیں جاسکتی۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے چیئرمین سینیٹ مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کے ہمراہ ملتان میں مختلف سیاسی رہنماؤں اور اہم شخصیات سے ملاقاتیں کیں، جن میں ملکی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

تربت، فورسز کی گاڑی پر ریموٹ کنٹرول بم حملہ، 2 اہلکار جاں بحق

دشت میں ہونیوالے دھماکے میں 5 اہلکار زخمی، علاقے میں سیکیورٹی سخت کردی گئی

تربت (آن لائن) تحصیل دشت کے علاقے درچکو اور جت کے درمیان سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو ریموٹ کنٹرول بم حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے زیراہتمام منان چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

جرمن کمپنی کا پاکستان کیلئے فضائی آپریشنز شروع کرنے کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) ملکی ایوی ایشن انڈسٹری میں اہم پیشرفت، جرمن ایئرلائن یو ایس سی نے پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ملک بھر میں 800 سے زائد ایل پی جی بازرز غیر معیاری ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں 800 سے زائد ایل پی جی بازرز غیر معیاری ہونے کا انکشاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

جے یو آئی رہنماؤں کی گرفتاریاں، وکلاء کا عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ

بلوچستان بار کونسل نے گرفتار سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل کی اپیل پر جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں اور سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کے خلاف آج صوبہ بھر میں عدالتی کارروائیوں کا بائیکاٹ کیا جا رہا ہے، جس کے باعث وکلاء عدالتوں میں پیش نہیں ہورہے۔ بلوچستان بار کونسل نے جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں اور سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں اور ان کے خلاف کارروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے پر آج صوبے کی تمام عدالتوں میں وکلاء عدالتی کارروائیوں کا بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے اور کوئی بھی وکیل عدالتوں میں پیش نہیں ہورہا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ہونیوالے واقعے پر پنجاب حکومت سے رابطہ کروں گا، گورنر کے پی

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ جو واقعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری منسوخ

اسلام آباد (آن لائن) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

LAUNCH OF
NATIONAL FRAMEWO
to end CHIL
MARRIAG
IN PAKISTAN
NATIONAL FRAMEWORK to end CHILD MARRIAGE IN PAKISTAN
unicef
اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ

علاقائی امن وسلامتی اور کثیرالجہتی فورمز پر تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی جس میں باہمی تعاون، علاقائی صورتحال اور خطے میں امن و سلامتی کے فروغ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ترک صدر نے مکہ دفاعی معاہدے کی باضابطہ منظوری دیدی

ترکیہ سعودی عرب میں فوج کی تعیناتی کی اجازت کیلئے پارلیمنٹ میں قرارداد بھی پیش کرے گا

انقرہ (آن لائن) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ مکہ دفاعی معاہدے کی باضابطہ منظوری دیدی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر اردوان کی منظوری کے بعد ترکیہ میں معاہدے کی توثیق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کوئی سیاسی مخالف بیانیہ لیکر چلے گا تو پابندیوں کا سامنا کرنا پڑے گا رانا ثناء اللہ

پاکستان مسلم لیگ ن کو مخصوص نشستیں قانون کے مطابق ملیں، اگر پاکستان پیپلز پارٹی کو غلط ملیں تو واپس کردے، مشیر وزیراعظم

صوبے بنانا پارلیمنٹ کا اختیار ہے، صوبوں کا معاملہ پارلیمنٹ میں آئے گا تو ن لیگ اپنا موقف اختیار کرے گی، خصوصی انٹرویو

اسلام آباد (آن لائن) مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ہمیں مخصوص نشستیں قانون کے مطابق ملیں، پیپلز پارٹی کو غلط ملیں تو واپس کر دے، دہشتگردی ریاست کی ریڈ لائن ہے، کوئی مخالف بیانیہ لے کر چلے گا تو پابندیوں کا سامنا ہو گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جب تک پارلیمنٹ میں صوبوں کا معاملہ نہیں آتا (ن) لیگ کو رائے قائم کرنے کی ضرورت نہیں، پیپلز پارٹی کو مخصوص نشستیں غلط ملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

Aerospace
Security
Emerging Tech
Strategic
CASS
سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز کے زیراہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

ایران کیخلاف فتح قریب، معاہدے کیلئے موقع فراہم کر رہے ہیں صدر ٹرمپ

ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیں گے، امریکا کو مشرق وسطیٰ کے تیل کی کوئی ضرورت نہیں، امریکی صدر

خطے میں استحکام نہ ہونے کی صورت میں ایران اسرائیل اور مشرق وسطیٰ کے دیگر ممالک پر جوہری ہتھیاروں سے حملہ کرسکتا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے خلاف فتح اب قریب ہے اور واشنگٹن تہران کو معاہدہ کرنے اور مزید جانی نقصان سے بچنے کیلئے ہر ممکن موقع فراہم کر رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی فوجی اہلکاروں کے ساتھ یوم تشکر کے موقع پر ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ تنازع کا حتمی نتیجہ ان کے فیصلے پر منحصر ہوگا، تاہم انہیں یقین نہیں تھا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

صوبائی وزیر علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری، عوامی مسائل سنے

عوامی خدمت اور مسائل کا فوری حل اولین ترجیح قرار، رابطہ مہم جاری رکھنے کا عزم

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت حاجی میر علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ پر منعقدہ کھلی کچہری کے دوران علاقے کے عوام کے مسائل سنے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

پائیدار معاشی ترقی کیلئے ریاستی اداروں کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے

پاکستان میں نوآبادیاتی دور سے چلے آنیوالے استحصالی ادارہ جاتی نظام نے اصلاحات کی راہ میں مشکلات پیدا کی ہیں، طارق بنوری

ادارہ جاتی اصلاحات کیلئے حقیقت پسندانہ منصوبہ بندی، مرحلہ وار اقدامات اور مؤثر قیادت ضروری ہیں، ایئر مارشل (ر) جاوید احمد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز نے ''ادارے، طرز حکمرانی اور پاکستان کی معاشی ترقی'' کے موضوع پر ایک خصوصی مکالماتی نشست کا انعقاد کیا۔ نشست میں اس بات پر غور کیا گیا کہ سیاسی اور معاشی ادارے قومی خوشحالی، معاشی ترقی اور سیاسی استحکام کے فروغ میں کس طرح اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کی حیثیت سے کیس قومی اور بین الاقوامی اہمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

محکمہ داخلہ سندھ کا ایم کیو ایم پاکستان کل کو ریلی اور جلسے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ

کراچی (آن لائن) محکمہ داخلہ سندھ نے ایم کیو ایم (پاکستان) کو 29 نومبر کو ریلی اور جلسے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع محکمہ داخلہ سندھ کے مطابق ایم کیو ایم نے شارع فیصل پر ریلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

مکہ دفاعی اتحاد کا اجلاس آج، یمن تنازع پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

سعودی عرب کے جنوب میں مسلسل جاری بدامنی واضح طور پر اجلاس کے ایجنڈے کا ایک اہم نکتہ ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) مکہ دفاعی معاہدے کے تحت اسلام آباد میں آج سٹریٹجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔ اجلاس میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ریفرنڈم کا معاملہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پیش کیا جاسکتا ہے، بیرسٹر عقیل

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ ریفرنڈم کے معاملے کو مشترکہ اجلاس میں پیش کیا جاسکتا ہے۔ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

لیاقت علی گل کے انتقال پر سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینئر صحافی اور سابق صدر کوئٹہ پریس کلب مرحوم مرزا رشید بیگ کے برادر زوجہ اور سماء ٹی وی کے رپورٹر نور العارفین کے چچا لیاقت علی گل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مجموعی طور پر نمایاں کمی کا ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے نتیجے میں پٹرول کی قیمت میں 145 روپے 41 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایران کا امریکی ایف 16 لڑاکا طیارے کو بھاگنے پر مجبور کرنے کا دعویٰ

امریکی قبضے سے دو ایرانی آئل ٹینکر واپس حاصل کرلئے، کمانڈر ایرانی بحریہ شہرام ایرانی

تہران (جی این ایم) ایرانی پاسداران انقلاب کے شعبہ تعلقات عامہ نے دعویٰ کیا ہے کہ خلیج میں واقع ہنگام جزیرے کے قریب ایک جدید فضائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

محسن نقوی کا اسلام آباد میں سی ڈی اے کے فائر بریگیڈ سٹیشن کا دورہ

فائر بریگیڈ سٹیشن سے فائر فائٹنگ گاڑی فوری روانہ ہونی چاہیے، وزیر داخلہ کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں سی ڈی اے کے فائر بریگیڈ سٹیشن کا دورہ کیا اور وہاں موجود فائر فائٹنگ گاڑیوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیراعلیٰ کا گوادر میونسپل کارپوریشن کا دورہ، کارکردگی واصلاحات کا جائزہ

پوری تحصیل گوادر کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کا اعلان، اضافی فنڈز کی فراہمی کی یقین دہانی

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دورہ گوادر کے موقع پر میونسپل کارپوریشن گوادر کی عمارت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

غیر ملکی وفود کی اسلام آباد آمد کے پیش نظر پمز ہسپتال ہائی الرٹ

اسلام آباد (آن لائن) غیر ملکی وفود کی اسلام آباد آمد کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت کے مرکزی سرکاری ہسپتال پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے۔ پمز ہسپتال انتظامیہ نے ہائی الرٹ کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام احتجاجی جلسہ سے مولانا عبدالرحمٰن رفیق، آغا محمود شاہ، مفتی روزی خان، ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، حاجی عین اللہ شمس، حافظ حسین احمد شرودی، مفتی محمد احمد، ندا سنگر، ثناء اللہ کاکڑ اور ملک خلیل خطاب کررہے ہیں

پاکستان اور آئی ایف سی کے درمیان ترجیحی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اقتصادی امور سینیٹر احد چیمہ نے انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا کے ریجنل نائب صدر عماد فاخوری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور آئی ایف سی کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

روزنامہ
حال
Daily "HAAL" Quetta

پبلشر و چیف ایڈیٹر قراۃ العین نے السعید پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 204 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس کیلون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ PhNo:081-2869017

مسلم ممالک اپنے آپسی اختلافات ختم کریں

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا یہ کہنا قابل غور ہے کہ ایران اسلامی ہمسایہ ممالک کے ساتھ مشترکہ سکیورٹی انتظامات کیلئے تیار ہے اور مسلم ممالک کو اپنے تنازعات خود حل کرنے چاہئیں۔ بلاشبہ یہ ایک اصولی اور حقیقت پسندانہ سوچ ہے۔ مسلم ممالک اگر اپنے باہمی اختلافات کو مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کرنے کی صلاحیت پیدا کرلیں تو بیرونی قوتوں کو اپنے مفادات کیلئے ان کے فروعی اختلافات سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں ملے گا۔ اس تناظر میں قطر کے وزیر اعظم کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات بھی انہی سفارتی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے کہ علاقائی مسائل کا حل تصادم کے بجائے بات چیت اور باہمی مفاہمت سے ہی ممکن ہے۔ چین نے بھی اسی بنیاد پر ایران پر عائد امریکی پابندیوں کو اقوام متحدہ کے مینڈیٹ کے منافی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ دباو کسی مسئلے کا حل نہیں۔ عالمی سیاست میں طاقتور ممالک کی جانب سے پابندیوں، دباو اور یک طرفہ فیصلوں کا استعمال کوئی آج کا معاملہ نہیں البتہ مسلم دنیا کیلئے یہ صورتحال اس حوالے سے لمحہ فکریہ ہے کہ اس کے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور اقتصادی امکانات کے باوجود وہ اجتماعی طور پر عالمی فیصلوں پر موثر اثر انداز ہونے کی پوزیشن میں کیوں نہیں آسکی۔ آج مسلم دنیا کے خلاف امریکی توسیع پسندانہ عزائم اور خطے میں مسلسل بڑھتی ہوئی کشیدگی اس امر کی متقاضی ہے کہ تمام مسلم ممالک محض بیانات اور سفارتی احتجاج پر اکتفا کرنے کے بجائے ایک مشترکہ حکمت عملی تشکیل دیں۔ اس حکمت عملی کا بنیادی مقصد کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ اپنی خودمختاری، سلامتی اور ترقی کا تحفظ ہونا چاہئے۔ دفاعی تعاون، انٹیلی جنس شیئرنگ، انسداد دہشت گردی، سائبر سکیورٹی، دفاعی پیداوار، بحری تحفظ اور ہنگامی حالات میں باہمی معاونت ایسے شعبے ہیں جہاں مسلم ممالک ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرسکتے ہیں۔ اس تناظر میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پائے مکہ معاہدے نے مشترکہ دفاعی تعاون کی ایک اہم بنیاد فراہم کی ہے۔ اس معاہدے کو وسیع تر مسلم تعاون کی بنیاد بنایا جانا چاہئے اور ایران سمیت تمام مسلم ممالک کو اس میں شامل کرنے کی سنجیدہ کوشش ہونی چاہئے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تاریخی برادرانہ تعلقات، ترکی کی دفاعی و صنعتی صلاحیت اور ایران کی جغرافیائی و تزویراتی اہمیت مل کر مسلم دنیا کیلئے ایک مضبوط دفاعی و سفارتی فریم ورک تشکیل دے سکتی ہے۔ اس اتحاد کا مقصد کسی بیرونی طاقت کیخلاف جنگ نہیں بلکہ یہ اصول طے کرنا ہونا چاہئے کہ مسلم ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لئے متحد ہیں۔ پاکستان اور کویت کا موجودہ دفاعی تعاون کا معاہدہ بھی اسی تصور کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

سفارت کاری اور معاشی استحکام

تحریر: محمود خان

پاکستان ایک ایسے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے جہاں خارجہ پالیسی، معاشی استحکام اور تعلیمی اصلاحات تینوں قومی ترجیحات ایک دوسرے سے جڑی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ عالمی سطح پر بدلتی ہوئی صورتِ حال میں پاکستان کی سفارتی سرگرمیوں میں تیزی آئی ہے، جبکہ حکومت کا کہنا ہے کہ ملک معاشی بحران کے خطرے سے نکل کر استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے۔ دوسری طرف تعلیم کے میدان میں بھی ایک ایسے نظام کی تشکیل کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی ہے جو جدید علوم، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے ساتھ اخلاقی وتہذیبی اقدار کو بھی فروغ دے۔ اگر ان تینوں شعبوں میں پائیدار اور مربوط پیش رفت ہوتی ہے تو پاکستان کے لیے ایک نئے دور کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کے مطابق پاکستان عالمی سطح پر اپنی سفارتی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کررہا ہے اور ملک نے بین الاقوامی معاملات میں ایک اہم مقام حاصل کرلیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان پیدا ہونے والے تنازعے کے دوران بھرپور سفارتی کوششیں کیں اور دونوں ممالک کو مذاکرات کی میز پر لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ برطانیہ کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے بھی حکومت کی جانب سے مثبت پیش رفت کا اظہار کیا گیا ہے۔ نائب وزیر اعظم کا کہنا ہے کہ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے پر اتفاق ہوا ہے۔ برطانیہ پاکستان کے لیے تاریخی، معاشی اور سفارتی اعتبار سے اہم ملک ہے۔ ایسے میں دوطرفہ تعلقات کو تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، دفاع، ٹیکنالوجی اور عوامی روابط کے وسیع دائرے میں آگے بڑھانا دونوں ممالک کے مفاد میں ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج نے بھی ہمیشہ ملک کی دفاعی صلاحیت اور قومی عزم کو بھی اجاگر کیا ہے۔ پاکستان نے مشکل حالات میں شاندار بہادری کا مظاہرہ کیا ہے۔ بلاشبہ قومی سلامتی اور معاشی استحکام ایک دوسرے سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔ ایک مستحکم اور محفوظ ملک ہی طویل المدتی معاشی منصوبہ بندی، سرمایہ کاری اور ترقی کی منزل طے کرسکتا ہے۔ معاشی محاذ پر حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات بھی امید افزا ہیں۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے مطابق پاکستان کی معیشت میں استحکام آچکا ہے، پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہو کر 11 فیصد پر آگیا ہے، جبکہ مہنگائی 30 فیصد سے کم ہو کر سنگل ڈیجیٹ میں پہنچ چکی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ معاشی استحکام بلاشبہ ایک اہم کامیابی ہے، حکومت کا اگلا ہدف ترقی اور شرح نمو میں اضافہ ہے۔ اسحاق ڈار کے مطابق پاکستان کو 2017 کے معاشی اشاریوں تک واپس لے جانا اور مستقبل میں دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت بنانا اور جی 20 میں شامل ہونا ہدف ہے۔ یہ اہداف بلند ضرور ہیں لیکن ان کے حصول کے لیے محض معاشی اشاریوں میں بہتری کافی نہیں ہوگی۔ برآمدات میں اضافہ، ٹیکس نظام کی اصلاح، توانائی کے شعبے میں بہتری، پیداواری صنعت کا فروغ، سرمایہ کاری میں اضافہ اور انسانی وسائل کی ترقی ناگزیر ہوگی۔ معاشی ترقی کا حقیقی فائدہ اسی وقت ہوگا جب فی کس آمدنی بڑھے، روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور عام آدمی کی زندگی آسان ہو۔ یہ امر حقیقی ہے کہ معاشی اور سفارتی ترجیحات کے ساتھ پاکستان کے مستقبل کا سب سے اہم سوال تعلیم ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے جدید، جامع اور اقدار پر مبنی تعلیمی نظام کی تشکیل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ان کے مطابق نوجوانوں کو جدید علوم، تحقیق اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے ساتھ ان کی اخلاقی، فکری اور تہذیبی تربیت بھی ضروری ہے۔ یہ ایک ایسی ضرورت ہے جس پر قومی سطح پر سنجیدہ اتفاقِ رائے پیدا ہونا چاہیے۔ پاکستان کو ایسا تعلیمی نظام درکار ہے جو دینی و اخلاقی تربیت کے ساتھ سائنس، ٹیکنالوجی، تحقیق اور تخلیقِ علم کو بھی مرکزی حیثیت دے۔ پروفیسر احسن اقبال کی یہ بات قابل غور ہے کہ پاکستان کے نوجوان کو علم کا صرف صارف نہیں بلکہ علم کا خالق بننا ہوگا۔ آج دنیا میں وہی قومیں آگے بڑھ رہی ہیں جو تحقیق اور نئی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کررہی ہیں۔ تحقیق اور تخلیق علم کے مراکز میں تبدیل لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خلاء، مصنوعی ذہانت، ماحولیات، بائیوٹیکنالوجی، توانائی اور دیگر جدید شعبوں میں تحقیق کے لیے وسیع مواقع پیدا کئے جانے چاہئیں۔ اسی طرح نصاب کو بھی محض معلومات کی منتقلی تک محدود رکھنے کے بجائے کردار سازی، ذمہ داری، مثبت قومی اقدار اور تنقیدی و تخلیقی سوچ کی تربیت کا ذریعہ بنانا ہوگا، یہ ایک حقیقت ہے کہ سفارت کاری پاکستان کیلئے عالمی سطح پر جگہ بنا سکتی ہے، معاشی استحکام ترقی کے دروازے کھول سکتا ہے، مگر پائیدار قومی ترقی کی بنیاد بالآخر علم، تحقیق اور انسانی وسائل پر ہی قائم ہوگی۔

اسلامی تیوہار

سب قوموں کے تیوہار ہیں لیکن بالعموم وہ اپنے تیوہار مناتے وقت کھیل تماشے، پینے پلانے اور ناچ گانے وغیرہ میں کھو جاتی ہیں۔ ہم مسلمانوں کے بھی دو تیوہار ہیں۔ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔ مگر ہم انہیں مناتے وقت اسلام کی بنیادی باتوں تعلق باللہ، باہمی اخوت اور انسانی وقار کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ ہم ایسی حرکات سے بچتے ہیں اور انسان کو حیوان کے درجہ پر لے آئیں۔ دونوں عیدوں کا آغاز اللہ تعالیٰ کی جناب میں دو رکعت نماز کا نذرانہ عقیدت پیش کرنے سے ہوتا ہے۔ عیدالفطر میں نماز سے پہلے ناشتہ کرنا مسنون ہے کیونکہ روزوں کے دوران علی الصبح سحری کھانے کی عادت راسخ ہوچکی ہوتی ہے۔ نماز عید سے پہلے فطرانہ ادا کرنا ضروری ہے۔ بچوں کی طرف سے بھی فطرانہ ادا کیا جاتا ہے۔ یہ رقم ضرورت مندوں کو پیش کر دینی چاہیئے۔ فطرانہ روزوں کے دوران جو کوتاہیاں ہو جاتی ہیں، ان کا کفارہ بھی ہے۔ ہم بھی عید کے موقع پر خوشی مناتے ہیں۔ اس موقع پر اچھا کھانا، اچھا پہننا مسنون ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ زینت یعنی اچھا لباس کس نے محرام کیا ہے؟ یہ تو ہے ہی صاحب ایمان لوگوں کے لئے۔ کفار کو تو ایمان والوں کے طفیل ان چیزوں سے تمتع اندوز ہونے کا موقع مل رہا ہے کیونکہ اس دنیا میں کافر اور مومن ملے جلے ہیں۔ ورنہ آخرت میں جب انہیں جدا جدا کر دیا جائے گا، کفار اچھے لباس اور اچھی خوراک سے محروم ہوں گے۔ قرآن پاک میں یہ بھی ارشاد ہے کہ حلال وطیب کھاؤ۔ البتہ اسراف وتبذیر سے بچنے کا حکم ہے۔ اسراف ضرورت پر ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا ہے اور تبذیر بلاضرورت مال اڑانا ہے۔ مبذرین کو شیاطین کے بھائی فرمایا۔ نیز فرمایا کہ شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ اشارہ اس طرف ہے کہ مبذرین جو اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال کو اللوں تللوں پر اڑا دیتے ہیں، وہ بھی اللہ تعالیٰ کے ناشکرے ہیں۔ اس موقع پر ہمیں اپنے کشمیری بھائیوں کو بھی یاد رکھنا چاہیئے۔ وہ اس وقت آگ اور خون کے طوفان میں سے گزر رہے ہیں۔ ان پر زندگی تنگ کر دی گئی ہے، کمینہ دشمن انہیں بھوکوں مار رہا ہے۔ عورتوں کی بے حرمتی کی جارہی ہے۔ بچوں کو خوراک سے محروم رکھا جارہا ہے۔ دنیا میں انسانی حقوق کے تحفظ کے نام پر جو ادارے قائم ہیں، ان کے کان پر جوں تک نہ رینگتی۔ نہ ریڈ کراس والے وہاں خوراک، لباس اور دوائیاں پہنچانے کا انتظام کررہے ہیں، نہ ایمنسٹی والے بولتے ہیں۔ مسلمانوں پر ظلم ہو تو ان سب کی انسان دوستی ختم ہو جاتی ہے، ان کی زبانوں کو تالے لگ جاتے ہیں۔ مسلمان کے خلاف انہیں کوئی ذرا سی بات بھی ہاتھ آجائے تو یہ چیخ چیخ کر آسمان سر پر اٹھا لیتے ہیں۔

پانچواں ڈائی مینشن

پہلے کہا جاتا تھا کہ دنیا تین' ڈائمنشن طول عرض اور بلندی کی دنیا ہے۔ یعنی جو واقعہ ہوتا ہے' اس کے وقوع پذیر ہونے کی جگہ متعین کرنے کیلئے طول' عرض اور بلندی ماپنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ پھر وقت کو چوتھے ڈائمنشن کا درجہ دیا گیا۔ کہا گیا کہ ہر واقعہ صرف کسی جگہ پر ہی زوقوع پذیر نہیں ہوتا' بلکہ کسی خاص وقت پر بھی وقوع پذیر ہوتا ہے۔ مگر ایک پانچواں ڈائمنشن بھی ہے' جسے سائنس دان نظر انداز کرتے آئے ہیں' اور وہ اللہ کی مرضی مبارک ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مرضی مبارک کے بغیر کوئی واقعہ نہیں ہوسکتا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: ''اور تم نہیں چاہتے' مگر یہ کہ اللہ (تعالیٰ) چاہے۔'' سورہ الدھر) (سورہ التکویر) ایک امریکی خاتون لکھتی ہیں: ''روزمرہ کے عام ماحول میں ایک روز بالکل غیر متوقع طور پر میری اندر کی آنکھ کھل گئی اور میں نے زندگی میں پہلی بار حقیقت کے کیف اور حسن کا جلوہ دیکھا۔ یہی عام چیزیں تھیں' مگر میں نے انہیں نئے رنگ میں دیکھا جو میں سمجھتی ہوں ان کا حقیقی رنگ ہے۔ میں نے پہلی بار مشاہدہ کیا کہ کائنات بے حد حسین ہے اور اس کا حسن الفاظ سے ماورا ہے۔ مجھے اس لمحہ وہ حسن نظر آگیا جو ویسے ہر آن یہاں موجود ہے۔''

''ایک ننھی چڑیا چہچہاتی ہوئی پاس کی ٹہنی پر جا بیٹھی۔ اسکی پرواز کا حسن اس قدر کیف آور تھا کہ صرف صبح کے ستاروں کا راگ ہی اس کا کچھ اظہار کرسکتا ہے۔ میں تو اسے بیان کرنے سے قاصر ہوں البتہ میں نے اسے دیکھا ضرور ہے۔'' اس روز میں نے زندگی کو اسکے اصلی رنگ میں دیکھا اور مجھے احساس ہوا کہ وہ بے پناہ حسن رکھتی ہے اور اسکی قیمت ناقابل بیان ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ اس حسن وکیف کیساتھ آہنگ کا حیران کن احساس بھی تھا مگر وہ احساس میرے ذہن کی گرفت سے بالا تھا۔ کوئی راگ نہ تھا مگر لے کا عجیب وغریب احساس موجود تھا۔ جیسے تمام موجودات ایک نامعلوم سر تال کیساتھ آگے بڑھ رہی ہو اور اس وسیع کل کے اندر ہر چھوٹی سے چھوٹی شے کی حرکت بھی سر تال کے ساتھ ہو رہی ہو۔ کوئی پرندہ اڑتا تو اس لئے کہ کہیں کوئی ایسا نغمہ اٹھتا جو اسے اڑنے پر ابھارتا۔ یا یوں کہہ لیجئے کہ اس پرواز ہی سے نغمے پھوٹ رہے تھے۔ یا اس عظیم ارادہ (اللہ تعالیٰ کی طرف اشارہ ہے) نے' جس کے ہر ارادہ میں آہنگ ہے۔ یہ چاہا کہ وہ پرندہ اڑے۔ اس لمحہ میں نے ان الفاظ کی صداقت کہ زمین پر ایک پتہ بھی اللہ تعالیٰ کے علم اور مرضی کے بغیر نہیں گرتا' اپنی آنکھوں سے دیکھی۔'' ان سیمابی لمحات میں میں ہر شخص' بلکہ کائنات کی ہر شے سے بے پناہ محبت محسوس کررہی تھی' اگر قدرت حق تعالیٰ کوئی ایسا احساس نہ ہو تو کیا میرے لئے یہ محسوس کرنا ممکن ہے۔

مُفلسی کی اذیت

تحریر: حافظ بختیار احمد

مفلسی بلاشبہ ایک ایسی قیامتِ صغریٰ ہے جس کے اثرات صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے خاندان، معاشرے اور بعض اوقات آنیوالی نسلوں تک پھیل جاتے ہیں۔ اگر ہم اپنے اردگرد موجود ضرورت مند، حاجت مند اور مفلسی کا شکار لوگوں کو غور سے دیکھیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ ہر شخص مجرم نہیں ہوتا۔ میرا ایمان، مشاہدہ اور سماجی تجربہ یہ کہتا ہے کہ بہت سے لوگ حالات کے ہاتھوں مجبور، بے بس اور مایوس ہو کر اس نہج تک پہنچ جاتے ہیں جہاں جرم ان کا انتخاب نہیں بلکہ مجبوری کا نتیجہ بن جاتا ہے۔

ہمیں صرف یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ جرم کیا ہوا؛ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ جرم کے پیچھے حالات کیا تھے؟ انسان وہاں تک پہنچا کیسے؟ یہ جو اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیٹ دیا ہے، یہ روز روٹی مانگتا ہے۔ یہ جو معصوم بچے ہیں، وہ اپنے باپ کے گھر واپس آنے کا انتظار کرتے ہیں۔ انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان کا باپ آج گھر آتے ہوئے روٹی لا سکے گا یا نہیں۔ وہ صرف امید رکھتے ہیں کہ ابو ضرور کچھ لے کر آئیں گے۔ ذرا اس باپ کی بے بسی کا تصور کیجیے جو صبح گھر سے نکلتے ہوئے اپنے بچوں کی آنکھوں میں امید دیکھتا ہے اور شام کو خالی ہاتھ واپس آتا ہے۔ اس معصوم انتظار، اس ٹوٹتی ہوئی امید اور اس مجبور باپ کی کیفیت کو ہم کیا نام دیں گے؟ سوشل کمیونٹی جوائن بے شک معاشرے میں غلط عناصر بھی ہوتے ہیں اور جرائم کی اپنی وجوہات بھی ہوتی ہیں، مگر کیا ہماری توجہ صرف سزا تک محدود رہنی چاہیے؟ کیا ہمیں یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ ایک انسان جرم کی طرف کیوں گیا؟ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی ادارے، سماجی بہبود کے ادارے اور فلاحی تنظیمیں ایسے منظم نظام تشکیل دیں جہاں Social Workers، Social Activists اور Community Organizers ان لوگوں تک پہنچیں جو حالات کے ہاتھوں ٹوٹنے کے قریب ہیں۔ انہیں جرم کی دنیا میں داخل ہونے سے پہلے سہارا دیا جائے، ان کی بنیادی ضروریات پوری کی جائیں، ان کے مسائل کی نشاندہی کی جائے اور انہیں دوبارہ ایک باعزت شہری کی حیثیت سے معاشرے کا حصہ بنایا جائے۔

یہ صرف ریاست کی ذمہ داری نہیں؛ یہ فلاحی تنظیموں، مخیّر حضرات اور بحیثیت انسان ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

ایک مشہور قولِ حضرت علیؓ ہمارے اجتماعی ضمیر کو جھنجھوڑتا ہے کہ اگر کوئی شخص بھوک کی وجہ سے روٹی چوری کرتے پکڑا جائے تو صرف چور کو نہ دیکھو، اس نظام کو بھی دیکھو جو اسے روٹی نہ دے سکا۔

کسی پرانے PTV ڈرامے کا ایک مکالمہ آج بھی ذہن میں گونجتا ہے: "خالی پیٹ تو جنت بھی اچھی نہ لگے۔"

واقعی بھوک انسان کی سوچ، احساس اور فیصلوں تک کو متاثر کر دیتی ہے۔ ایک شاعر نے غربت کی حقیقت کو کس خوبصورتی سے بیان کیا:

"میری غربت نے اڑایا ہے میرے فن کا مذاق
تیری امیری نے تیرے عیب چھپا رکھے ہیں"

ہم اکثر بچوں کی خواہشات کو صرف خواہش سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں، مگر بچوں کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان کا باپ ان کے لیے پیزا، برگر یا کسی ہوٹل کا کھانا خرید سکتا ہے یا نہیں۔ انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ نئے اور قیمتی کپڑے خریدنے کی استطاعت گھر میں موجود ہے یا نہیں۔ انہیں یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ صبح اٹھ کر ناشتہ ملے گا یا نہیں۔

وہ صرف اپنے والد کی طرف امید سے دیکھتے ہیں۔ اور والد؟ وہ اکثر اپنی پریشانی چھپا کر مسکراتا ہے۔ یہی مفلسی کی سب سے بڑی اذیت ہے۔

انسانیت کا احترام اور انسانی ہمدردی ہمارے دین اور ہماری تہذیب کی بنیادی تعلیمات میں شامل ہے۔ رسولِ اکرمؐ نے انسانیت، رحم اور ضرورت مندوں کا خیال رکھنے کی تعلیم دی۔ کربلا نے قربانی اور انسانیت کا درس دیا۔ خلفائے راشدینؓ نے رعایا کی ذمہ داری اور جواب دہی کی عملی مثالیں قائم کیں۔ داتا ہجویریؒ نے خدمتِ خلق کا راستہ دکھایا، بابا فرید گنج شکرؒ نے انسان دوستی کا پیغام عام کیا، عبداللہ شاہ غازیؒ اور امام بریؒ سے منسوب روایات اور ہماری صوفی روایت نے بھی محبت، سخاوت اور انسانیت کو مرکزی مقام دیا۔

سوال صرف یہ ہے: ہم نے کیا کیا؟

جناب پیر اجمل قادری صاحب کی ایک خوبصورت بات یاد آتی ہے کہ حساب صرف نمازوں کا نہیں ہونا، حساب صرف روزوں اور عمروں کا نہیں ہونا، حساب صرف قربانی کے مہنگے جانور خریدنے کا نہیں ہونا؛ اگر حساب ہوا تو بہت کچھ پوچھا جائے گا۔ ہم عبادات کے اہتمام پر فخر کرتے ہیں، مگر کیا ہم نے کبھی اپنے پڑوس کے بھوکے انسان کا حال پوچھا؟ ہم مزارات پر چادریں چڑھاتے ہیں، مساجد کی تزئین و آرائش پر خرچ کرتے ہیں، مگر کسی بے بس اور لاچار انسان کی مدد کے وقت ہماری جیب اور ہماری زبان دونوں سوالات سے بھر جاتی ہیں: "ثبوت ہے؟" ''ضرورت واقعی ہے؟ '''''پہلے تصدیق کرواؤ۔" یقیناً مالی امداد میں شفافیت ضروری ہے، مگر انسانی ضرورت کے ساتھ انسانی عزت بھی ضروری ہے۔ کسی ضرورت مند کو اس کی مجبوری کا احساس دلانا بھی ایک طرح کی اذیت ہے۔ قرآن ہمیں سائل کے ساتھ سخت رویے سے روکتا ہے۔ ہمیں یہ سیکھنا ہوگا کہ مدد کرتے ہوئے کسی انسان کی عزتِ نفس نہ چھینیں۔ کہتے ہیں:

" کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر
خدا مہرباں ہوگا عرشِ بریں پر"

آج صرف لاہور کی سڑکوں پر نکل کر دیکھ لیجیے۔ کتنے یتیم، مسکین، نادار اور بے سہارا بچے ہماری نظروں کے سامنے موجود ہیں۔ کتنے بچے مناسب لباس اور جوتوں کے بغیر پھرتے ہیں۔ کتنے خاندان بنیادی ضروریات کے لیے پریشان ہیں۔

اصل مسئلہ شاید وسائل کی کمی سے زیادہ ہماری ترجیحات کی تبدیلی ہے۔ ہم نے انسان سے زیادہ عمارت کو، ضرورت سے زیادہ نمود کو، اور احساس سے زیادہ ظاہری شان کو اہمیت دے دی ہے۔ مفلسی صرف خالی جیب کا نام نہیں۔ مفلسی انسان کے وقار پر حملہ کرتی ہے۔ مفلسی انسان کو مجرم بننے کے قریب لے جاسکتی ہے۔ مفلسی امید چھین سکتی ہے۔ مفلسی رشتوں میں دراڑ ڈال سکتی ہے۔ مفلسی قابلیت کو پسِ پشت ڈال سکتی ہے۔ مفلسی انسان کی شناخت تک چھین سکتی ہے۔ مفلسی جھوٹ، دھوکے اور مکر کی طرف دھکیل سکتی ہے۔ اور مفلسی انسانی حقوق کی خاموش قاتل بن سکتی ہے۔ سیانے کہا کرتے تھے: "بھک تے سکھ دے دو راہ ہوندے نے۔" یعنی بھوک اور سکون کے راستے الگ الگ ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ جب ایک انسان مسلسل بھوک، بے روزگاری، قرض، بچوں کی ضروریات، مکان کے کرائے، بیماری اور معاشرتی دباؤ میں گھرا ہو تو اس سے ایک مثالی رویے کی توقع کرنا کس حد تک حقیقت پسندانہ ہے؟

تبدیل ہوتی دنیا میں صحافت کا کردار، چیلنجز اور ذمہ داریاں

تحریر: محمد اسماعیل خلجی

صحافت کو معاشرے کا آئینہ اور عوام کی آواز کہا جاتا ہے۔ ایک ذمہ دار صحافت نہ صرف لوگوں کو حالاتِ حاضرہ سے باخبر رکھتی ہے بلکہ معاشرے میں شعور، آگہی اور مثبت سوچ پیدا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وقت کے ساتھ دنیا بدلتی رہی اور اس کے ساتھ صحافت کے انداز، ذرائع اور تقاضے بھی تبدیل ہوتے گئے۔ آج ہم ایسے دور میں داخل ہو چکے ہیں جہاں خبر صرف اخبار کے اگلے روز کے شمارے تک محدود نہیں رہی بلکہ چند لمحوں میں دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچ جاتی ہے۔ ماضی میں صحافت کا بنیادی ذریعہ اخبارات اور رسائل تھے۔ صحافی خبر حاصل کرتا، اس کی تحقیق کرتا، تصدیق کے مراحل سے گزرتا اور پھر اسے اخبار کے ذریعے قارئین تک پہنچایا جاتا۔ بعد ازاں ریڈیو اور ٹیلی وژن نے صحافت کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا۔ اکیسویں صدی میں انٹرنیٹ، اسمارٹ فون اور سوشل میڈیا نے صحافت کو ایک نئے عہد میں داخل کر دیا ہے۔ آج ڈیجیٹل میڈیا، نیوز ویب سائٹس، ای پیپرز، ویڈیو رپورٹس اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز صحافت کے اہم ذرائع بن چکے ہیں۔ دورِ جدید میں صحافت کی سب سے بڑی تبدیلی رفتار ہے۔ ماضی میں خبر کی اشاعت کے لیے گھنٹوں یا بعض اوقات پورے دن کا انتظار کرنا پڑتا تھا، مگر آج ایک صحافی موبائل فون کے ذریعے موقع سے فوری رپورٹ، تصویر اور ویڈیو دنیا بھر میں پہنچا سکتا ہے۔ اس تبدیلی نے صحافت کو زیادہ تیز، متحرک اور عوام تک قابلِ رسائی بنا دیا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا نے مقامی صحافت کو بھی نئی طاقت دی ہے۔ کسی چھوٹے شہر، قصبے یا گاو?ں کا مسئلہ بھی چند منٹوں میں بڑے پیمانے پر لوگوں کی توجہ حاصل کرسکتا ہے۔ یوں مقامی صحافی عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور متعلقہ اداروں تک آواز پہنچانے میں پہلے سے زیادہ مو?ثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا نے ہر شخص کو معلومات شیئر کرنے کا موقع دیا ہے۔ لیکن یہی سہولت صحافت کے لیے ایک بڑا چیلنج بھی بن چکی ہے۔ غیر مصدقہ خبریں، افواہیں، جعلی تصاویر، گمراہ کن ویڈیوز اور من گھڑت معلومات انتہائی تیزی سے پھیل سکتی ہیں۔ جدید صحافت میں فیک نیوز اور غلط معلومات کی روک تھام ایک بنیادی ذمہ داری بن چکی ہے۔ ایسے ماحول میں صحافی کے لیے ضروری ہے کہ وہ خبر نشر کرنے سے پہلے اس کی مکمل تصدیق کرے۔ صرف سوشل میڈیا پر موجود کسی پوسٹ یا ویڈیو کو خبر سمجھ لینا صحافتی اصولوں کے منافی ہے۔ خبر کی اصل طاقت اس کی رفتار نہیں بلکہ اس کی سچائی اور اعتبار ہے۔ مصنوعی ذہانت بھی صحافت کے میدان میں تیزی سے داخل ہو رہی ہے۔ خبر کی تحقیق، اعداد و شمار کے تجزیے، ترجمے، مواد کی ترتیب اور بعض تکنیکی کاموں میں جدید ٹیکنالوجی صحافیوں کی معاون بن رہی ہے۔ پاکستان میں بھی میڈیا ادارے صحافت کو جدید ڈیجیٹل تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کی تربیت پر توجہ دے رہے ہیں۔ تاہم ٹیکنالوجی صحافی کا متبادل نہیں بلکہ ایک معاون ذریعہ ہے۔ خبر کی اہمیت، انسانی احساس، اخلاقی فیصلہ، تحقیق اور عوامی مفاد کو سمجھنے کیلئے انسانی بصیرت آج بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ دورِ جدید میں صحافت کو سب سے بڑا چیلنج اعتبار کا درپیش ہے۔ جب خبر اور افواہ کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو جائے تو ایک ذمہ دار صحافی کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ صحافی کو چاہیے کہ وہ سنسنی، ذاتی مفاد، سیاسی وابستگی اور غیر ضروری جذباتیت سے بالاتر ہو کر حقائق عوام کے سامنے رکھے۔ صحافت کا مقصد کسی فرد، ادارے یا جماعت کی اندھی حمایت یا مخالفت نہیں بلکہ عوام کو درست معلومات فراہم کرنا ہے۔ اختلافِ رائے جمہوری معاشرے کا حسن ہے، مگر اختلاف کو نفرت، الزام تراشی اور کردار کشی میں تبدیل کرنا صحافت نہیں۔ ادھر ڈیجیٹل میڈیا تیزی سے مقبول ہو رہا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پرنٹ میڈیا کی اہمیت مکمل طور پر ختم ہو گئی ہے۔ اخبار آج بھی تحقیق، تجزیے، اداریے، کالم اور تفصیلی رپورٹس کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ روایتی میڈیا کے کئی بڑے ادارے خود ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر منتقل ہو چکے ہیں اور یوں پرنٹ اور ڈیجیٹل صحافت ایک دوسرے کے ساتھ چل رہے ہیں۔ آج کے صحافی کے لیے صرف اچھا لکھنا کافی نہیں۔ اسے تحقیق، موبائل جرنلزم، فوٹوگرافی، ویڈیو، سوشل میڈیا، ڈیٹا اور ڈیجیٹل ٹولز سے بھی واقف ہونا چاہیے۔ جدید صحافت اب ایک ملٹی میڈیا پیشہ بن چکی ہے۔ ایک کامیاب صحافت وہ ہے جو صرف بڑے شہروں اور طاقتور شخصیات کی خبریں نہ دکھائے بلکہ عام آدمی کے مسائل کو بھی آواز دے۔ مہنگائی، تعلیم، صحت، صاف پانی، صفائی، روزگار، ٹریفک، سرکاری اداروں کی کارکردگی اور شہری بنیادی سہولیات جیسے مسائل کو اجاگر کرنا بھی صحافت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ خصوصاً علاقائی صحافت معاشرے کی نچلی سطح تک پہنچنے کا بہترین ذریعہ ہے - مقامی صحافی اپنے علاقے کے مسائل، محروم طبقات اور عوامی مشکلات کو براہ راست دیکھتا ہے۔ اس لیے اس کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ خبر کو ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر عوامی مفاد میں پیش کرے - دورِ جدید نے صحافت کے ذرائع ضرور تبدیل کیے ہیں۔ مگر صحافت کی بنیادی روح آج بھی وہی ہے۔ سچ، تحقیق، دیانت، غیر جانب داری اور عوامی مفاد۔ آج خبر چند سیکنڈ میں دنیا بھر میں پہنچ سکتی ہے۔ مگر ایک غلط خبر بھی اسی رفتار سے نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اس لیے جدید صحافی کو رفتار کے ساتھ ذمہ داری، ٹیکنالوجی کیساتھ اخلاقیات اور آزادی کے ساتھ احتساب کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا۔ صحافت کسی مخصوص اخبار، ٹی وی چینل یا سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا نام نہیں؛ صحافت ایک ذمہ داری ہے۔ پلیٹ فارم بدلتے رہیں گے، ٹیکنالوجی ترقی کرتی رہے گی اور ابلاغ کے نئے ذرائع سامنے آتے رہیں گے، لیکن ایک اصول ہمیشہ قائم رہے گا۔ اگر جدید دور کا صحافی تحقیق، دیانت اور عوامی خدمت کو اپنا شعار بنا لے تو صحافت نہ صرف اپنا وقار برقرار رکھ سکتی ہے بلکہ معاشرے کی تعمیر، جمہوری شعور کے فروغ اور عام آدمی کی آواز بننے میں پہلے سے کہیں زیادہ موثر کردار ادا کر سکتی ہے۔

تعلیمی و صنعتی روابط، معاشی خود کفالت کی بنیاد

تحریر: عتیق انور راجا

پاکستان کی معاشی بقا اور حقیقی خود کفالت کا راز صرف اور صرف اس ایک بنیادی اصول میں پوشیدہ ہے کہ جس دن ہمارے ملک کی برآمدات ہماری درآمدات سے بڑھ جائیں گی، اسی دن یہ ملک واقعی ترقی وخوشحالی کی پائیدار راہ پر گامزن ہو جائے گا۔ دہائیوں سے ہم غیر ملکی قرضوں، معاشی خساروں اور بیرونی امداد کے سہارے اپنی معیشت کا چرخہ چلانے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن تلخ حقیقت یہ ہے کہ جب تک ہم خام مال بیچنے کے بجائے اپنے ملک میں تیار شدہ اعلیٰ معیاری اشیاء دنیا بھر کی منڈیوں میں فروخت نہیں کریں گے، معاشی آزادی کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ تجارت کے توازن کو اپنے حق میں موڑنا محض کوئی عددی کھیل نہیں، بلکہ یہ ایک قوم کے خودمختار اور صاحبِ وقار ہونے کا اعلان ہوتا ہے۔

پاکستان جب تک غیر ملکی اشیاء کی مسلسل درآمد پر انحصار کرتا رہے گا، ہمارے قومی وسائل اور زرمبادلہ کے ذخائر ملک سے باہر جاتے رہیں گے۔ اس کے برعکس، جب ملک کے اندر صنعت وحرفت کو فروغ دیا جاتا ہے اور لوکل انڈسٹری کو سازگار ماحول فراہم کیا جاتا ہے تو معاشی ترقی کا رخ یکسر بدل جاتا ہے۔ صنعتی ترقی سے نہ صرف مصنوعات کی پیداواری لاگت میں کمی آتی ہے اور معیار میں بہتری آتی ہے، بلکہ اندرونِ ملک خام مال کی ویلیو ایڈیشن سے ایسی مصنوعات تیار ہوتی ہیں جو عالمی منڈی میں بہترین قیمت پر فروخت ہوسکتی ہیں۔ پاکستان کے پاس گوجرانوالہ، سیالکوٹ، فیصل آباد اور کراچی جیسے عظیم صنعتی اور تجارتی مراکز موجود ہیں، جہاں کے ہنرمندوں اور صنعت کاروں میں یہ کامل صلاحیت موجود ہے کہ وہ دنیا کے بہترین برانڈز کا مقابلہ کرسکیں۔

صنعتوں کے پھیلنے اور پیداوار بڑھنے کا سب سے بڑا اور براہِ راست فائدہ ہمارے کروڑوں باصلاحیت نوجوانوں کو مل سکتا ہے۔ ملک میں اگر نئی فیکٹریاں، پیداواری یونٹس اور کاٹیج انڈسٹریز قائم ہوتی ہیں تو روزگار کے بے شمار نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ روزگار کی فراہمی سے غربت کا خاتمہ اور ملک کی محنت کش عوام کا معیارِ زندگی بلند ہونے لگتا ہے۔ بیکار بیٹھے ہوئے ہنرمند ہاتھوں کو جب صنعتوں میں کام ملتا ہے تو سماجی بے چینی، جرم اور مایوسی کا خاتمہ خود بخود ہونے لگتا ہے۔ نوجوان نسل جو آج اپنے مستقبل کیلئے پریشان ہے اور بیرونِ ملک ہجرت کو واحد حل سمجھتی ہے، اسے اپنے ہی وطن میں عزتِ نفس کے ساتھ روزی کمانے کا موقع میسر آنے لگے تو ہمارے باصلاحیت نوجوان غیر قانونی طریقوں سے خطرات مول لیکر یورپ کا رخ کرنا چھوڑ دیں گے۔ صنعتی انقلاب لانے اور برآمدات کو درآمدات سے بڑھانے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت اور ادارے صنعت کاروں کو بنیادی سہولیات فراہم کریں۔ سستی بجلی، آسان گیس، ٹیکسوں کے نظام میں سادگی اور سب سے بڑھ کر یکساں معاشی پالیسیاں وہ بنیادیں ہیں جن پر صنعتی ترقی کی عمارت کھڑی ہوسکتی ہے۔ اگر تعلیمی اداروں کا نصاب صنعت کی عملی ضروریات سے جوڑ دیا جائے اور ہماری جامعات سے نکلنے والے نوجوان جدید سائنسی ہنر سے آراستہ ہوں تو فیکٹریوں کی پیداواری صلاحیت اور مصنوعات کی جدت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

گزشتہ دنوں اپنے ہمدمِ دیرینہ ارشد ساہی صاحب کے ہمراہ گوجرانوالہ میں ایک نجی یونیورسٹی (آئی سیٹ) کے پہلے کانووکیشن میں شرکت کا موقع ملا۔ تقریب میں صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ، ملک کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز، کالجز کے پرنسپلز اور حکومتی محکموں کے ذمہ داروں کی بڑی تعداد شریک نظر آئی۔ یوں تو تقریب حسنِ انتظام اور علم وادراک کی خوشبو سے معطر تھی، لیکن حاصلِ کلام چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر کی فکر انگیز گفتگو تھی جس نے سب کو متاثر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آج ہماری یونیورسٹیوں پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے نصاب کو زمانہ جدید کے عملی تقاضوں کے مطابق مرتب کریں۔ اکیڈمک نمبرز اور گریڈز یقیناً اہمیت رکھتے ہیں اور ابتدائی دروازے کھولتے ہیں، لیکن اگر خدانخواستہ نمبرز کچھ کم بھی ہوں اور انسان اعلیٰ اخلاقیات، دیانت، اور خدمتِ خلق کے جذبے سے آراستہ ہو، تو عملی زندگی میں کامیابی کے مواقع کہیں زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔ نمبرز محض صلاحیت کی نشاندہی کرتے ہیں، جبکہ اخلاقیات انسان کی شخصیت اور طویل المدتی کامیابی کا تعین کرتی ہیں۔

مکالماتی نشست میں گفتگو کرتے ہوئے صنعت کاروں اور تعلیمی ماہرین نے تسلیم کیا کہ جب تک ہم تعلیم اور صنعت کے درمیان قائم اس خلیج کو پر نہیں کرتے، ہماری ڈگریاں کاغذ کے بے جان ٹکڑوں سے زیادہ حیثیت نہیں رکھیں گی۔ پاکستان محض نظریاتی اور لفظی جمع خرچ سے ترقی نہیں کرسکتا؛ ہماری حقیقی معاشی وسماجی پیش رفت اسی دن سے شروع ہوگی جب ہمارے تعلیمی اداروں سے نکلنے والے نوجوان صرف ڈگریوں کیساتھ ساتھ سائنسی بصیرت اور فنی صلاحیتیں لے کر فارغ التحصیل ہونے لگیں گے۔

تقریب کے دوران سیالکوٹ سے تشریف لائے ہوئے ایک زیرک صاحب کا کہنا تھا کہ تعلیمی ادارے، بالخصوص نجی جامعات، محض انگریزی کی پیچیدہ تھیوری اور رٹہ سسٹم کے ذریعے پڑھانے کے بجائے، طلبہ کو مفاہیم ان کی اپنی قومی اور مقامی زبان میں سمجھانے کو اولیت دیں۔ اس لیے کہ ہماری فیکٹریوں اور دیگر پیداواری یونٹوں میں کام کرنے والے محنت کش اور مزدور انگریزی زبان نہیں سمجھتے۔

"مقدس بھومی" کی بحث

تحریر: نصرت جاوید

اردو نثر پر کامل گرفت کے حامل افراد سے حسد کی حد تک گھبرا جاتا ہوں۔ کالم نگار وجاہت مسعود کا شمار بھی اس حوالے سے مجھے مرعوب کرنے والے لکھاریوں میں ہوتا ہے۔ ان سے ملاقات سے کئی برس قبل ہی ان کے رعب میں مبتلا ہو چکا تھا۔ بسا اوقات ان کی رائے سے شدید اختلاف کے باوجود ان کے کالموں کو نظر انداز اس لئے بھی نہ کر پایا کیونکہ انہیں پڑھتے ہوئے اردو کے چند ایسے الفاظ کا بھی علم ہو جاتا ہے جو عموماً سننے اور پڑھنے کو نہیں ملتے۔ ان کے کالم پڑھنے سے قبل دائیں ہاتھ پر ہمیشہ ان کے استعمال کردہ چند الفاظ کے معنی جاننے کے لئے اردو لغت رکھنا پڑی۔

ایف بی آر کے چیئرمین راشد لنگڑیال کے چند بے تکلف دوستوں کے طفیل دنیا کے مختلف دقیق معاملات پر ان کی گفتگو سننے کے مواقع ملے ہیں۔ ان کے خیالات کی ندرت اور سادہ پنجابی میں انہیں برجستہ بیان کرنے کی خوبی نے مجھے بہت متاثر کیا۔ چند ماہ قبل انہوں نے علم معیشت جیسے خشک موضوع پر تسلسل سے چند کالم لکھے۔ ان کے بیشتر خیالات سے اختلاف کے باوجود زبان پر ان کی گرفت نے مجھے چونکا دیا۔ مزید حیرانی ان کے کالم پڑھتے ہوئے اس امر پر بھی ہوئی کہ ان کی لکھی اردو کو فارسی کے اساطیری شاعر رومی، حافظ اور سعدی نے بھی گہرائی فراہم کر رکھی ہے۔ اگست کے مہینے میں لنگڑیال صاحب نے قیام پاکستان کے حوالے سے سودوزیاں کا حساب لگانے کو چند کالم لکھے۔ سودوزیاں کی مشق کی طرف بڑھنے سے قبل مگر مسلم شناخت کے حوالے سے قیام پاکستان کو تاریخی اعتبار سے ناگزیر ٹھہرایا۔ مذکورہ تناظر میں وجاہت مسعود نے قیام پاکستان سے قبل برطانوی ہند میں مقبول سیاست کو مذہبی تفریق بھڑکانے کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ ان کا خیال تھا کہ اصولی اور پرخلوص جمہوری رویے اور نظام مذہبی نفرتوں کو سیاسی اعتبار سے بتدریج ختم کر سکتے تھے۔ ہمارے ہاں مگر ایسا نہیں ہو پایا۔

اردو نثر کے علاوہ عمر تمام انگریزی اخبارات کے لئے روزانہ کی بنیاد پر رپورٹنگ کرنے والے اس کم علم کو تاریخ زیر بحث لاتے ہوئے بھی ہمیشہ خوف آتا ہے۔ چند کتابوں کے سرسری مطالعے کے بعد تاریخی تضادات کے بارے میں رائے دینے کی جسارت کے لئے جو ڈھٹائی درکار ہے مجھے میسر نہیں۔ ہرگز اس قابل نہیں ہوں کہ وجاہت مسعود اور لنگڑیال صاحب کے مابین جمہوری نظام کے طفیل تکثیریت یا سادہ الفاظ میں یوں کہہ لیں مذہبی اور ثقافتی شناخت سے بالاتر ہو کر ریاست کے تمام شہریوں کو برابر تسلیم کرنے کے حوالے سے جو بحث چھڑی ہے اس میں کس کا استدلال معقول سنائی دیتا ہے۔ لنگڑیال صاحب کے حالیہ مضمون میں البتہ 1937ء کے برس برطانوی ہند میں ہوئے انتخابات کے نتیجے میں مختلف صوبوں میں کانگریسی حکومتوں کے قیام کا ذکر ہوا ہے۔ اسے پڑھتے ہوئے احساس ہوا کہ مذکورہ حکومتوں کے دوران اکثریتی جماعت کی جانب سے ڈھٹائی کے ساتھ مسلط کی ہندو عصبیت نے بالآخر 1940ء کی قرارداد اور 1947ء میں تقسیم کو ٹھوس جواز فراہم کئے۔ یہ کالم مگر لنگڑیال صاحب یا پیارے وجاہت مسعود میں سے کسی ایک کے دفاع میں نہیں لکھ رہا۔ ہفتہ 29 اگست کی صبح لنگڑیال صاحب کا کالم پڑھتے ہوئے ایک سوال اچانک ذہن میں کوندا اور ابھی تک وہیں اٹکا ہوا ہے۔ اسے ا?ج کے کالم میں بیان کئے بغیر فکری بدہضمی اور خلفشار سے جند چھڑا نہیں پاو?ں گا۔

ہندو مسلم کی تفریق کو ہندوتوا نے وحشت سے بھڑکایا۔ مہاراشٹر کے برہمن خاندان میں پیدا ہوا ونائیک دامودر ساورکر ہندوتوا سوچ کے بانیوں میں شامل ہے۔ اپنے انتہا پسندانہ خیالات اور سیاست کی وجہ سے 1910ء? میں گرفتار ہوا۔ سامراجی سرکار نے اسے عمر قید کی سزا سنائی اور کالا پانی یعنی انڈیمان جزیرے بھیج دیا۔ اپنی گرفتاری کے دوران اس نے ''ہندو کون ہے'' کی تعریف ڈھونڈنے کی کوشش کی۔ جو سوچا وہ 1923ء میں ایک کتاب کی صورت مرتب کر دیا۔ اپنے حالیہ مضمون میں لنگڑیال صاحب نے اس کتاب کا حوالہ دیتے ہوئے یاد دلایا کہ ساورکر کی نگاہ میں ہندو کی پدری سرزمین بھارت ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں اس کی مقدس بھومی بھی بھارت ہونا ضروری ہے۔ ساورکر کے طے کئے اصولوں کی روشنی میں لنگڑیال صاحب نے درست بنیادوں پر اصرار کیا کہ بھارتی مسلمانوں کی پدری سرزمین بھارت ہوسکتی ہے۔ ان کی مقدس بھومی مگر بھارت نہیں۔ ہمارا قبلہ بلکہ اس کے جغرافیے سے باہر ہے۔ یوں مسلمان کا ''جرم'' اس کا فعل نہیں اس کا ایمان ہے اور بقول لنگڑیال صاحب ''جہاں فردِ جرم ایمان پر ہو وہاں کوئی وکیل صفائی کام نہیں آتا۔''

پدری سرزمین اور مقدس بھومی کے الفاظ پڑھے تو میں ہندو-مسلم تضادات کو یکسر فراموش کرتے ہوئے ایک اور سوال پر توجہ دینے کو مجبور ہو گیا جس کا وجاہت مسعود اور لنگڑیال صاحب کے مابین چھڑے فکری مباحث سے دور پرے کا بھی تعلق نہیں تھا۔ ہندو-مسلم کے علاوہ پنجاب سے مذہبی شناخت کے حوالے سے سکھ مت بھی اُبھرا تھا۔ سکھوں کی پدری سرزمین یقیناً بھارت ہے۔ ''مقدس بھومی'' کے حوالے سے مگر ان کا آج کے بھارت سے تعلق جوڑنا نہایت مشکل ہے۔ ساورکر کے ''ہندو کون ہے؟'' کے پیمانے سے غور کیا جائے تو ان کے مقدس مقامات آج کے پاکستان میں ہیں۔ ننکانہ صاحب، حسن ابدال اور کرتارپور سکھ مذہب کے بانی بابا گورونانک کی ذات کے حوالے سے ان کیلئے مقدس ترین ہیں۔ آج کا بھارت وسیع تر معنوں میں گویا سکھوں کی بھی ساورکر کی سوچ کے مطابق ''مقدس بھومی'' نہیں۔ یہ نکتہ ذہن میں کوندا تو 1984ء کا برس یاد آگیا۔ ان دنوں کی بھارتی وزیر اعظم اس برس اپنے سکھ محافظوں کے ہاتھوں قتل ہوئی تھی۔ مذکورہ قتل کے دو ہفتے گزر جانے کے بعد میں زندگی میں پہلی بار بھارت گیا تھا۔ ایئرپورٹ سے نکلتے ہی جابجا خاکستر عمارتیں نظر آئیں۔ اندرا کے قتل کی وجہ سے پھیلے اشتعال کی بدولت دلی میں تین دنوں تک قتل عام جیسے حالات رہے۔ سکھوں کے مکان اور دکانیں لوٹ کر جلا دی گئی تھیں۔ مجھے بے تحاشہ ایسے سکھوں سے بھی ملنے کا موقع ملا جنہوں نے جان بچانے کے لئے اپنی مذہبی شناخت -پگڑی، لمبے بال اور داڑھی- کو مٹا دیا تھا۔

''مقدس بھومی'' کے لفظ پر غور کرتے ہوئے مسلسل اس فکر میں مبتلا ہوں کہ ہندوتوا بھارت کو مذہبی نفرت کی بنیاد پر بالآخر ایک اور بٹوارے کی جانب بھی دھکیل سکتی ہے۔ اسکے پاکستان پر کیا اثرات ہو سکتے ہیں؟ ان کے بارے میں سوچنے کا حوصلہ نہیں۔

''مقدس بھومی'' کے لفظ پر غور کرتے ہوئے مسلسل اس فکر میں مبتلا ہوں کہ ہندوتوا بھارت کو مذہبی نفرت کی بنیاد پر بالآخر ایک اور بٹوارے کی جانب بھی دھکیل سکتی ہے۔ اس کے پاکستان پر کیا اثرات ہو سکتے ہیں؟ ان کے بارے میں سوچنے کا حوصلہ نہیں۔

بقیہ جات

بقیہ 01

قدم باہمی مشاورت اور بھرپور حکمت عملی کے تحت اٹھاتی ہے۔ کارکن جذبات میں آنے کے بجائے نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں، کیونکہ جماعت کے کارکن ہمیشہ ہوش سے کام لینے والے رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ گرفتاریاں اور جیلیں ہماری جدوجہد کا راستہ نہیں روک سکتیں، ہمارے اکابر نے پھانسیوں کو چوما ہے، جیلیں ہمارے راستے کی رکاوٹ نہیں بن سکتیں۔ ہم خود جیل کے دروازے پر جا کر گرفتاریاں دیں گے اور پوری استقامت کے ساتھ حالات کا مقابلہ کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمہاری جیلیں ختم ہو جائیں گی لیکن ہمارے کارکن ختم نہیں ہوں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکمران ان کی گرفتاری کے سیاسی نتائج زیادہ دیر تک برداشت نہیں کر سکیں گے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ قیادت کی ہدایات کے مطابق اپنی جدوجہد جاری رکھیں اور احتجاج کے دوران نظم و ضبط برقرار رکھیں۔ دوسری جانب جے یو آئی کے مرکزی ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن نے ملک میں امن وامان برقرار رکھنے اور ملک کو خونریزی، تشدد اور انتشار سے بچانے کے لیے گرفتاری دینے کا بڑا فیصلہ کیا۔

بقیہ 02

زرداری سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ بلاول آج کل زیادہ غصہ کر رہے ہیں، انہیں ریفرنڈم کے خوف میں نہیں جانا چاہیے، عوامی رائے سے اتنا خوف کیوں ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگر بلاول بھٹو زرداری بانی پی ٹی آئی کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں تو انہیں عدالت میں قانونی دلیل دینی چاہیے، بلاول سیاسی دلیل کی جگہ قانونی اور قانونی دلیل کی جگہ سیاسی دلیل دے رہے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے ہمارے اختلافات ہیں لیکن اسکا مطلب یہ نہیں کہ تعلقات ختم ہوگئے ہیں۔

بقیہ 03

سے متعلق دریافت کیا۔ خواتین اساتذہ نے بھرتیوں کے عمل پر مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں کسی سفارش یا سیاسی اثر ورسوخ کے بغیر اپنی قابلیت اور میرٹ کی بنیاد پر سرکاری ملازمت کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے شفاف انداز میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نے پہلے ہی دن صوبائی اسمبلی کے فلور پر واضح کر دیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی سرکاری نوکری فروخت نہیں ہوگی، الحمدللہ عوام سے کیے گئے وعدے کو عملی طور پر پورا کر کے دکھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کا حصول اب سفارش کے بجائے قابلیت اور میرٹ سے مشروط ہے، باصلاحیت نوجوانوں کو میرٹ پر ان کا حق دیا جائے گا اور کسی کو بھی اہل امیدواروں کی حق تلفی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری ملازمتیں کسی کی ذاتی جاگیر نہیں بلکہ اہل اور مستحق امیدواروں کا حق ہیں۔ نوجوانوں کو ان کی قابلیت کے مطابق آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا حکومت کی پالیسی کا بنیادی اصول ہے۔ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت ہیں، انہیں صرف منصفانہ مواقع اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرکاری بھرتیوں میں شفافیت یقینی بنا کر حقدار کو اس کا حق دینا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ حکومت نے روزگار کی فراہمی کو سیاسی اثر و رسوخ سے آزاد کر کے مکمل طور پر میرٹ کے تابع کرنے کا عزم کیا ہے۔ میرٹ کا فروغ نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے اور سرکاری نظام میں شفافیت کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ کی بالادستی ہی گڈ گورننس، ادارہ جاتی اصلاحات اور پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔ سرکاری ملازمتوں میں شفافیت اور میرٹ کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور میرٹ پر بھرتیوں کا یہ تسلسل برقرار رکھا جائے گا تاکہ نوجوانوں کے مستقبل سے کسی کو کھیلنے کا موقع نہ ملے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان حکومت کے لیے میرٹ کی بالادستی محض ایک اعلان نہیں بلکہ طرز حکمرانی کا عملی اصول ہے، جس کے تحت ہر اہل اور مستحق امیدوار کو اس کی قابلیت کے مطابق آگے بڑھنے کا حق دیا جائیگا۔

بقیہ 04

، خطے کی سیاسی صورتحال اور پارٹی کے آئندہ لائحہ عمل سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے رکن قومی اسمبلی عبدالقادر گیلانی نے رانا طاہر شبیر، میاں عرفان مڑل اور میاں جہانگیر مڑل کے ہمراہ پیپلز سیکرٹریٹ ملتان میں ملاقات کی۔ اس موقع پر سید علی قاسم گیلانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملتان کی سیاسی صورتحال اور پارٹی کے تنظیمی وسیاسی امور پر گفتگو ہوئی۔ ایک اور ملاقات میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے حاجی لیاقت بوسن اور علی شیر بوسن سے ملاقات کی۔

بقیہ 05

کی جائے گی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایس ایم ایز کے شعبے کو قرضوں تک آسان رسائی کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، ان کو سہولیات کی فراہمی سے معاشی سرگرمیوں، روزگار اور کاروباری مواقع میں اضافہ ہوگا۔ وزیر اعظم نے ایس ایم ایز کی مالی وسائل تک رسائی، کاروباری دستاویزات کی تیاری اور برآمدی شعبے میں مواقع سے استفادے کیلئے مؤثر رہنمائی اور معاونت فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعظم نے ایس ایم ایز کے لیے قرضوں کے حصول کے طریقہ کار کو مزید آسان بنانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے SMEs جنکا پاکستان سنگل ونڈو میں برآمدی ڈیٹا موجود ہے، یا جو ایکسیم انشورنس اور ڈیجیٹل انوائسنگ کے ذریعے سپلائی چین کا حصہ ہیں، انکو قرضوں کی فراہمی کیلئے اسی کو ضمانت کے طور پر غور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز کے کیش فلو کو بھی قرضوں کی فراہمی کے لیے ضمانت کے متبادل پیمانے کے طور پر دیکھا جائے۔

بقیہ 06

ایران معاہدے کی پیشکش قبول کرے گا یا نہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکا نرمی سے کام لے رہا تھا اور ایران کو بہت سی جانیں بچانے کا موقع دیا گیا، تاہم واشنگٹن کسی بھی قیمت پر تہران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ امریکی صدر نے مزید بتایا کہ امریکا نے آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے والے خطرات روکنے کے لیے 150 میزائل داغے جبکہ مشرق وسطیٰ کے تیل پر امریکی انحصار کی نفی کرتے ہوئے واضح کیا کہ امریکا کے پاس توانائی کے وافر ذخائر موجود تھے اور وہ صرف اسرائیل اور خطے کے تحفظ کے لیے کام کر رہا تھا۔

بقیہ 07

ہیں تو واپس کر دیں، ہمیں مخصوص نشستیں قانون کے مطابق ملی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کا سیاست میں مقام ہے، ان کی بات کی وضاحت خود کر سکتے ہیں، بلاول بھٹو نے کہا ہے کسی نے ان سے صوبوں کی بات نہیں کی، صوبے بنانا پارلیمنٹ کا اختیار ہے، صوبوں کا معاملہ پارلیمنٹ میں آئے گا تو ن لیگ مؤقف اختیار کرے گی، جب تک پارلیمنٹ میں صوبوں کا معاملہ نہیں آتا ن لیگ کو رائے قائم کرنیکی ضرورت نہیں، پیپلز پارٹی کو مخصوص نشستیں غلط ملی ہیں تو واپس کر دیں، ہمیں مخصوص نشستیں قانون کے مطابق ملی ہیں۔ مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ بلاول بھٹو کا بیان ٹھیک ہے، کسی کو ٹشو پیپر اور کاغذی وزیر اعظم، صدر نہیں ہونا چاہیے، بلاول بھٹو اچھے سیاستدان کی مثال بنیں تاکہ تقلید کریں۔

بقیہ 08

کے حامل موضوعات پر سنجیدہ مکالمے اور مؤثر پالیسی سازی کو فروغ دینے کیلئے ایسے علمی وفکری فورمز کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ نشست کی نظامت ڈائریکٹر کیس، ڈاکٹر اقدس افضل نے کی۔ انہوں نے ادارہ جاتی نظام، معاشی جمود اور سیاسی عدم استحکام کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالتے ہوئے پاکستان کی معاشی ترقی میں ریاستی اداروں کے کردار کو اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے بار بار معاشی بحرانوں کا شکار ہونے، پالیسیوں میں تسلسل کی کمی اور اداروں کی خودمختاری کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کلیدی مقرر اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سابق چیئرمین ڈاکٹر طارق بنوری نے اپنے خطاب میں کہا کہ ماہرینِ معیشت طویل عرصے سے اس سوال کا جائزہ لے رہے ہیں کہ بعض ممالک ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیوں ہوتے ہیں، جبکہ دیگر ممالک غربت اور پسماندگی سے کیوں نہیں نکل پاتے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ 1980ء کی دہائی سے پہلے معاشی ترقی کا انحصار بنیادی طور پر فعال منڈیوں کو سمجھا جاتا تھا، تاہم وقت کے ساتھ معاشی ترقی میں مضبوط اور مؤثر اداروں کی اہمیت بھی نمایاں ہوتی گئی۔ ڈاکٹر طارق بنوری نے کہا کہ پاکستان میں نوآبادیاتی دور سے چلے آنے والے استحصالی ادارہ جاتی نظام نے اصلاحات کی راہ میں مشکلات پیدا کی ہیں۔ ان کے مطابق حقیقی اور پائیدار خوشحالی کے لیے صرف نئی پالیسیاں بنانا کافی نہیں، بلکہ اداروں کی سوچ، طرزِ عمل اور کام کرنے کے طریقہ کار میں بنیادی تبدیلی لانا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے اداروں کی مؤثر کارکردگی کے لیے شفافیت اور مضبوط احتساب کو بھی ناگزیر قرار دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اچھی حکمرانی ہی معاشی ترقی اور قومی خوشحالی کی بنیادی شرط ہے۔ اختتامی کلمات میں صدر کیس، ایئر مارشل جاوید احمد (ریٹائرڈ) نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی اور قومی استحکام کے لیے ریاستی اداروں کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے حقیقت پسندانہ منصوبہ بندی، مرحلہ وار اقدامات اور مؤثر قیادت ضروری ہیں۔

بقیہ 09

جمہوری حکومت میں سیاسی جماعتوں کو عوام سے رابطوں سے روکنا اور ان کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد کرنا کئی سوالات کو جنم دیتا ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان کا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں کو ان کے جمہوری کردار کی ادائیگی سے روکنا جمہوریت کے لیے کسی طور بھی نیک شگون نہیں۔ سیاسی جماعتوں کو آئینی اور جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے اور عوام تک اپنا مؤقف پہنچانے کا مکمل حق حاصل ہونا چاہیے۔

بقیہ 10

جو شادی کی تقریب سے واپس آ رہے تھے کہ رجانہ روڈ پر 468 گ ب کے قریب گاڑی ٹرالی سے ٹکرا گئی۔ اس حادثے میں کار میں سوار گھر کا سربراہ ذوالفقار احمد، ان کا بیٹا کاشف، کاشف کی تین بیٹیاں زینب، علیزہ، مرحا اور 35 سالہ اہلیہ مصباح جاں بحق ہوئے، حادثہ میں ذوالفقار کے دوسرے بیٹے یاسر کی اہلیہ، بیٹی پانچ سالہ نور، چار سالہ بیٹا احمد، دو سالہ بیٹا علی اصغر بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے اور گاڑی کا ڈرائیور علی بھی جانبر نہ ہو سکا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والی یاسر کی اہلیہ حاملہ تھیں، الائیڈ اسپتال میں ان کے پیٹ میں موجود بچے کو بچانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 11

کو تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر پوری پارلیمانی پارٹی نے تشویش کا اظہار کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ لطیف کھوسہ نے پارلیمانی پارٹی کو عمران خان کی جانب سے دی گئی ہدایات اور ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کیا، ان میں ایک اہم ہدایت 28ویں آئینی ترمیم اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق تھی۔ عمران خان کی ہدایت ہے کہ پارلیمانی پارٹی 28ویں ترمیم اور صوبوں سے متعلق معاملات پر بھرپور مشاورت کرے، اپنی متفقہ رائے قائم کرے، اسکے حق میں وجوہات بھی مرتب کرے اور پھر یہ سفارشات عمران خان تک پہنچائی جائیں تاکہ وہ ان کی روشنی میں آئندہ کا فیصلہ کر سکیں۔

بقیہ 12

باہمی تعاون کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ استقبال کے موقع پر قونصل خلیل باجوہ سمیت مختلف سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات، مقامی پارلیمانی نمائندے اور پاکستانی کمیونٹی کے دیگر افراد موجود تھے، جبکہ صحافیوں کی بڑی تعداد نے بھی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا خیر مقدم کیا۔ ٹورنٹو میں مقیم سینئر صحافی اور میزبان توصیف شاہ کی میزبانی میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب اور عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 13

امید ہے، پاکستان چین کے انسان بردار خلائی مشن کا پہلا بین الاقوامی شراکت دار بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی ہمالیہ کی بلندیوں سے آگے بڑھ کر خلا تک پہنچ گئی ہے، پاکستانی خلا نورد ذیشان علی چینی خلائی اسٹیشن کے پہلے بین الاقوامی مہمان بن گئے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ 2 برس میں تقریباً 5 سیٹلائٹس خلا میں بھیجے، ذیشان علی کے خلائی تجربات موسمیاتی مشکلات کے خلاف مزاحمت، بیجوں اور جدید صنعتی مواد کی تیاری میں معاون ہوں گے، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سے قدرتی آفات کی پیشگی اطلاع اور امدادی نظام کو مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 14

شادیوں کی رجسٹریشن مضبوط بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتوں کے تعاون سے شادیوں کی رجسٹریشن کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کی کوشش ہوگی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کم عمری کی شادی بچیوں کو تعلیم، صحت اور ترقی کے مواقع سے محروم کرتی ہے، بچیوں کو تعلیم اور معاشی ترقی میں مساوی مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کوئی قوم اپنی نصف آبادی کو ترقی کے عمل سے باہر رکھ کر ترقی نہیں کر سکتی۔

بقیہ 15

مجوزہ ترقیاتی منصوبوں، ان پر پیشرفت اور وزارت ریلوے سے متعلق دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم نے منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے اور اس ضمن میں مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 16

جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر پاور نے وزیر اعظم کو اپنے حالیہ دورہ روس میں پاکستان روس بین الحکومتی کمیشن کے 11ویں سیشن کی کارروائی کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں متعلقہ وزارت کے امور کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 17

نے حبہ چوہدری کی جانب سے اپنی شناخت کاکڑ قبیلے سے کرانے کیخلاف عدالت سے رجوع کیا ہے۔ عدالت نے درخواست پر سماعت کیلئے 30 نومبر کی تاریخ مقرر کرتے ہوئے حبہ چوہدری کو طلب کر لیا ہے۔

بقیہ 18

کے متاثر ہونے کی خبروں پر کہا ہے کہ ان اطلاعات کی اب تک آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی۔ ہم امید اور دعا کرتے ہیں کہ یہ سچ نہ ہوں۔ سماجی رابطوں کے نیٹ ورک ایکس پر جاری بیان میں دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ تاحال لیبیا میں کسی کشتی حادثے کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی، حکومت ان رپورٹس کی حقیقت جاننے کیلئے متعلقہ حکام سے رابطے میں ہے۔ طرابلس میں پاکستانی سفارت خانہ حقائق کا پتہ لگانے کی کوشش کر رہا ہے۔ جن میں ممکنہ طور پر پاکستانی شہریوں کی موجودگی سے متعلق معلومات بھی شامل ہیں۔ ن کا کہنا تھا کہ پاکستانی سفارتخانہ حادثے اور اس میں پاکستانی شہریوں کے متاثر ہونے کے حوالے سے معاملے کی فعال انداز میں پیروی کر رہا ہے۔ سفارت خانے نے اس سلسلے میں لیبیا کے متعلقہ سرکاری حکام، انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن اور دیگر متعلقہ فریقین سے رابطہ کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس بارے میں مزید معلومات تصدیق شدہ تفصیلات دستیاب ہونے کے فوراً بعد فراہم کر دی جائیں گی۔

بقیہ 19

نتیجے میں دو سیکیورٹی اہلکار جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہو گئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق دھماکے کے بعد زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے منتقل کر دیا گیا، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 20

کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) سمیت مختلف کثیر الجہتی فورمز پر تعاون کے امور پر بات چیت کی۔ ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے 3 اور 4 دسمبر 2026ء کو تہران میں منعقد ہونے والے ای سی او کے 18ویں سربراہی اجلاس میں پاکستان کی شرکت کے لیے دعوت کا اعادہ کیا۔

بقیہ 21

پیش آیا اس پر پنجاب حکومت سے رابطہ کروں گا۔ پشاور میں ڈیجیٹل انٹرن شپ پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ نوجوان صرف تبدیلی کو قبول نہ کریں بلکہ اس میں فعال کردار بھی ادا کریں۔ گورنر کے پی نے کہا کہ فضل الرحمان کے ساتھ ہونے والے واقعے پر پنجاب حکومت سے رابطہ کروں گا، کوشش ہوگی ڈائیلاگ کے ذریعے حل نکلے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا اب احتجاجی سیاست کا اب متحمل نہیں ہو سکتا۔

بقیہ 22

امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حاکم خان بکھر نے علی امین گنڈاپور کے خلاف آڈیو لیک کیس کی سماعت کی۔ علی امین گنڈاپور اپنے وکیل راجہ ظہور الحسن ایڈووکیٹ کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے، سابق وزیر اعلیٰ کی جانب سے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری منسوخ کرنے کے حوالے سے درخواست دائر کی گئی۔ درخواست میں کہا گیا کہ گورنر راج کے دوران نظر بند ہونے کی وجہ سے علی امین گنڈاپور عدالت پیش نہیں ہو سکے۔

بقیہ 23

بلوچستان بار کونسل نے گرفتار سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کے آئینی اور قانونی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ بار کونسل نے سیاسی کارکنوں کے خلاف کارروائیوں اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ آئین اور قانون کے مطابق شہریوں کے حقوق کا احترام کیا جائے۔

بقیہ 24

نکالنے اور باغ جناح میں جلسہ کرنیکی درخواست دے رکھی ہے، تاہم امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 29 نومبر کو سندھ ترقی پسند پارٹی نے بھی جلسے کا اعلان کر رکھا ہے، جسکے لئے گزشتہ ماہ درخواست جمع کرائی گئی تھی۔ محکمہ داخلہ سندھ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ ایم کیو ایم کی جانب سے ریلی اور جلسے کی درخواست تین روز قبل موصول ہوئی تھی۔

بقیہ 25

وزیر اعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ صبرو استقامت کیساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 26

معائنہ کیا۔ وزیر داخلہ نے کال سینٹر کا بھی دورہ کیا اور عملے کی موجودگی اور کارکردگی پر انہیں شاباش دی۔ محسن نقوی ڈرائیور کے ساتھ سکائی لفٹ گاڑی میں بیٹھے اور فائر بریگیڈ سٹیشن سے ایف 11 تک گاڑی کے رسپانس ٹائم کا جائزہ لیا، سکائی لفٹ گاڑی نے یہ سفر تقریباً 12 منٹ میں طے کیا۔

بقیہ 27

عرب کے حکام شریک ہوں گے، اجلاس میں شرکت کیلئے ترکیہ کا اعلیٰ سطح وفد اسلام آباد پہنچ گیا، اجلاس میں یمن تنازع پر بات چیت کی جائے گی۔ واضح رہے کہ اجلاس کے پیش نظر اسلام آباد اور راولپنڈی میں آج مقامی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے، سکول، کالجز اور دفاتر بند رہیں گے، تاہم تعلیمی اداروں کے سالانہ اور ضمنی امتحانات شیڈول کے مطابق ہوں گے۔ ہنگامی خدمات انجام دینے والے ادارے معمول کے مطابق کام کریں گے۔

بقیہ 28

پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 174 روپے 35 پیسے فی لیٹر کمی ہوئی ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 3 اپریل 2026 کو پٹرول کی قیمت 458 روپے 41 پیسے فی لیٹر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھی، جو حالیہ کمی کے بعد 313 روپے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 3 اپریل کو 520 روپے 35 پیسے فی لیٹر تھی، جو کم ہو کر 346 روپے فی لیٹر رہ گئی ہے۔ دوسری جانب نومبر کے آغاز سے اب تک پٹرول کی قیمت میں 61 روپے 51 پیسے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 49 روپے 20 پیسے فی لیٹر کی ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 29

بلدیاتی ادارے کی کارکردگی، انتظامی اصلاحات، دستیاب سہولیات اور صفائی ستھرائی کے نظام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، صوبائی وزراء، کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ اور دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر اور متعلقہ حکام نے وزیر اعلیٰ کو ادارے کی مجموعی کارکردگی، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 30

تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے عماد فاخوری کا ان کی موجودہ ذمہ داری سنبھالنے کے بعد پاکستان کے پہلے دورے پر خیر مقدم کیا۔ انہوں نے پاکستان میں آئی ایف سی کے پورٹ فولیو میں نمایاں وسعت اور حکومت کیساتھ اس کے بڑھتے ہوئے روابط کو سراہا۔ انہوں نے حالیہ عرصے میں تعاون کے فروغ پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 31

خلاف ورزی اور ملکی سلامتی واستحکام کیلئے خطرہ قرار دیا ہے۔ حملے کے نتیجے میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کویت پر یہ دشمنانہ حملہ اس کی خودمختاری کی صریح خلاف ورزی ہے، جو ملک کی سلامتی اور استحکام کیلئے خطرہ بن سکتا ہے۔ وزارت نے کویت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے اسکی سلامتی اور استحکام کے تحفظ کیلئے کیے جانے والے تمام اقدامات کی حمایت کا اظہار کیا۔

بقیہ 32

رواں ماہ کی بلند ترین سطح کے قریب پہنچ گئیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی عرب کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں نے بھی تیل کی برآمدات متاثر ہونے کے خدشات بڑھا دیئے ہیں۔

بقیہ 33

الیکشن کمیشن کسی قسم کی مداخلت نہیں کر سکتا۔ جمعہ کو ترجمان الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری وضاحت میں کہا گیا ہے کہ انگریزی کے ایک اخبار میں چھپنے والی خبر جس میں پارلیمانی کمیٹی کی طرف سے الیکشن کمیشن کو احکامات کا ذکر کیا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں کی طرف سے الیکشن ایکٹ کے سیکشن 206 کے تحت خواتین کو دی جانے والی 5 فیصد کوٹہ کی جنرل سیٹوں پر یہ یقینی بنائے کہ یہ ایسی نشستیں ہوں جس پر خواتین کی جیت یقینی ہو۔ مزید یہ الیکشن کمیشن مختلف لوکل گورنمنٹس میں 563 خالی نشستوں کو بھی پر کرنے کے انتظامات کرے۔ ترجمان نے کہا کہ الیکشن کمیشن اس خبر کی وضاحت کرتا ہے کہ پارلیمانی کمیٹی کو اسی وقت بتا دیا گیا تھا کہ موجودہ انتخابی قوانین کے تحت خواتین کو ٹکٹ دینے کا اختیار سیاسی پارٹی کا ہوتا ہے، اس میں الیکشن کمیشن کسی قسم کی مداخلت نہیں کر سکتا اور نہ الیکشن کمیشن اس بات کا مجاز ہے کہ کونسی سیٹ پر خاتون امیدوار کو پارٹی ٹکٹ دینا چاہیے۔

بقیہ 34

دو افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر ایدھی ایمبولینس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ غوث آباد میں گوبر میدانی کے قریب واقع ایک گھر میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون سمیت دو افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر ایدھی ایمبولینس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 35

میں فضائی آپریشنز شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی سی اے اے) نے جرمن کمپنی یو ایس سی جی ایم بی ایچ کی نامزدگی قبول کر لی، جس کے بعد جرمنی اور پاکستان کے درمیان فضائی آپریشنز کیلئے اہم ریگولیٹری مرحلہ مکمل ہوگیا۔ جرمن ایئر لائن پاکستان کے دو بڑے شہروں کیلئے پروازیں شروع کرنیکی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ نئی ایئر لائن کی آمد سے فضائی مارکیٹ میں مسابقت بڑھنے اور دونوں ممالک کے درمیان سفری سہولیات میں اضافے کی توقع ہے۔

بقیہ 36

ہوا ہے۔ وزارت پیٹرولیم کی دستاویزات کے مطابق ملک بھر میں تقریباً دو ہزار ایل پی جی بازرز کام کر رہے ہیں جن میں سے 800 سے زائد غیر معیاری ہیں۔ درآمدی ایل پی جی کا معیار جانچنے کے لئے انٹری پوائنٹس پر ہائیڈرو کاربن ٹیسٹنگ کا نظام قائم کیا جائیگا۔ یہ نظام 30 جون 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ اوگرا لائسنس یافتہ کمپنیوں کی فروخت، ذخیرہ کرنے کی سہولتوں، سلنڈرز اور فلنگ صلاحیت کا باقاعدہ آڈٹ بھی کریگا۔ ایل پی جی کے ذخیرے اور درآمدی سہولتوں میں اضافے کا منصوبہ بھی نئی پالیسی میں شامل ہے۔ پورٹ قاسم پر چالیس ہزار میٹرک ٹن گنجائش کا نیا ایل پی جی ٹرمینل قائم کرنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 37

کا عمل مکمل ہوگیا۔ ترکیہ کی پارلیمنٹ نے 5 نومبر کو مشترکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کی تھی۔ ترکیہ سعودی عرب میں فوج کی تعیناتی کی اجازت کیلئے پارلیمنٹ میں قرارداد بھی پیش کرے گا۔ ترکیہ نیٹو کی دوسری بڑی فوجی طاقت اور پاکستان اسلامی دنیا کی واحد ایٹمی قوت ہے۔ سعودی عرب تیل برآمد کرنے والے بڑے ممالک میں شامل ہے۔

بقیہ 38

ان کے حل کے لیے متعلقہ امور کا جائزہ لیا۔ کھلی کچہری میں علاقے کے عوام، قبائلی معتبرین، سیاسی وسماجی شخصیات اور پارٹی کارکنوں سمیت لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت حاجی میر علی مدد جتک نے عوام سے ان کے مسائل اور مشکلات کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی اور ان کی شکایات کو نہایت غور و توجہ سے سنا۔ عوام نے علاقے کو درپیش مختلف بنیادی مسائل، عوامی ضروریات اور دیگر اہم امور سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ حاجی میر علی مدد جتک نے عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی بھرپور دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندے کی اصل ذمہ داری اپنے لوگوں کے درمیان رہنا، ان کے مسائل کو سمجھنا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائیگی۔

بقیہ 39

بیان بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ معاملہ پارلیمنٹ میں آنے تک سب مفروضے ہیں تاہم آرٹیکل 48 کے تحت ریفرنڈم کیمعاملے کو مشترکہ اجلاس میں پیش کیا جا سکتا ہے۔ وزیر مملکت قانون وانصاف نے کہا کہ ریفرنڈم کا طریقہ کار تبدیل کر کے الیکٹرانک طریقہ کار بھی اپنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 40

دفاعی نظام نے امریکی فوج کے ایف۔16 جنگی طیارے کو وارننگ دی، جس کے بعد طیارہ واپس مڑنے پر مجبور ہوگیا۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق پاسداران انقلاب نے کہا کہ یہ جنگی طیارہ ہنگام جزیرے کے جنوب مشرقی سمندری علاقے میں ایرانی فضائی حدود کے قریب آیا تھا اور مبینہ طور پر قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے بحری جہازوں کو فضائی تحفظ فراہم کر رہا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ ایرانی دفاعی ردِعمل کے بعد طیارے نے فوری طور پر رخ موڑ لیا۔ پاسداران انقلاب نے خبردار کیا کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمد ورفت کے ضوابط کو نظر انداز کرنے کی کوئی بھی کوشش ناقابلِ قبول ہے، اور ایسی خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری رہا تو ذمہ دار فریقوں اور ان کی حمایت کرنے والی فوجی قوتوں کو سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 41

جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہ کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی۔

بقیہ 42

باضابطہ سرکلر جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق ہائی الرٹ آج اور کل 27 نومبر تک نافذ العمل رہے گا۔ سرکلر میں ہدایت کی گئی ہے کہ ہائی الرٹ کے دوران پمز کا کوئی بھی افسر یا اہلکار چھٹی نہیں کرے گا اور تمام متعلقہ عملہ اپنی ڈیوٹی پر موجود رہے گا۔ نیورو سرجری، آرتھوپیڈک اور جنرل سرجری کے شعبوں میں اضافی عملے کو آن کال ڈیوٹی پر رہنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ سرکلر کے مطابق ہسپتال میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے 10 بیڈز مختص کیے گئے ہیں، جبکہ پمز بلڈ بینک میں خون کی وافر دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ڈاکٹر شرجیل ظہیر کو ہائی الرٹ کے دوران پمز ہسپتال کا فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے۔ مزید برآں، پمز کے تمام کلینیکل اور نان کلینیکل شعبہ جات کو ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے اپنے ایمرجنسی ڈیوٹی روسٹرز تیار کرنیکی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 43

کہ امتحانات کے دوران شفافیت، میرٹ اور نظم و ضبط کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نقل کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نقل ایک ناسور اور تعلیمی نظام کے لیے زہر قاتل ہے، جس کے خاتمے کے بغیر معیاری تعلیم اور حقیقی تعلیمی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا انہوں نے کہا کہ نقل کی لعنت نہ صرف طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو متاثر کرتی ہے بلکہ محنت، قابلیت اور میرٹ کی حوصلہ شکنی کا بھی سبب بنتی ہے۔ جو طلباء نقل کے ذریعے کامیابی حاصل کرتے ہیں، وہ عملی زندگی میں درکار علم، صلاحیت اور قابلیت سے محروم رہ جاتے ہیں۔

بقیہ 44

روڈ، لنک بادینی، بی بی زیارت اور موسیٰ کالونی کے علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا، کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو بھاری مشینری اور عملے کی مدد سے ہٹا کر سڑکوں کو ٹریفک کی روانی کیلئے مکمل طور پر کلیئر کر دیا گیا۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن حکام کے مطابق شہریوں کو آمد ورفت میں درپیش مشکلات کے خاتمے اور شہر کی خوبصورتی بحال کرنے کے لیے تجاوزات کے خلاف یہ مہم بلاتعطل جاری رہے گی اور دوبارہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

بقیہ 45

پیش کیے لیے کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ سے غیر متعلقہ اشخاص کو نکال کر ان کے کارڈ بحال کیے جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ بحال کرتے ہوئے غیر متعلقہ اشخاص کو خاندانی ریکارڈ سے نکال دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 46

کے مابین براہِ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور علاقائی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس بشمول تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، زراعت، جنگلات، بلدیات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ضلعی سربراہان کی موقع پر حاضری کو لازمی قرار دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی اجتماعی وانفرادی شکایات پر فوری احکامات جاری کیے جا سکیں۔ فلائٹ لیفٹیننٹ خالد شمس نے مزید کہا کہ متعلقہ آفسران کو عوامی درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر عملدرآمد کی رپورٹ پیش کرنیکی سخت ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 47

دوران غیر حاضر طبی عملے، ادویات کی فراہمی اور اے آئی (AI) حاضری کے نظام سے متعلق حکام نے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے، ادویات کی بروقت فراہمی اور صحت کی سہولیات میں بہتری کیلئے مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں اور صحت کے شعبے میں انتظامی بہتری و عوامی سہولت کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 48

چمکنی میں درج کیا گیا، مقدمے میں جے یو آئی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عطاالحق درویش بھی نامزد کیئے گئے ہیں۔ پولیس نے کہا کہ جے یو آئی ایم پی اے اعجاز محمد اور صوبائی ترجمان جلیل جان بھی نامزد ہیں، مظاہرین نے موٹروے کے دونوں اطراف کو ہر قسم ٹریفک کے لئے بند کیا، مولانا عطاالحق درویش، ایم پی اے اعجاز اور جلیل جان نے مذاکرات سے انکار کیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مظاہرین نے 4 سے لیکر 5 گھنٹوں تک موٹروت کو بند رکھا، موٹروے بندش سے لوگوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ 49

تعمیر کیے جائیں گے۔ بجلی کے کھمبوں اور تاروں کی منتقلی کے لیے کیسکو کو ادائیگیاں بھی کی جا چکی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کی ہدایت کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں دکانداروں، انجمن تاجران اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تیزی کے ساتھ آگے بڑھائی جائیں گی تاکہ کاروباری سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور خصوصاً خواتین سمیت خریداروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ واضح رہے کہ جی ڈی اے جنت بازار کے ساتھ شاہی بازار کی تعمیر، توسیع اور بحالی کے جامع منصوبے پر بھی کام کر رہی ہے۔

بقیہ 50

پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض میں غفلت، ڈیوٹی سے غیر حاضری اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام طبی و معاون عملے کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضر اہلکاروں کے خلاف محکمانہ ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر ڈاکٹر محمد فہیم خان نے ہسپتال میں زیرِ علاج مریضوں کا معائنہ بھی کیا اور ان سے فراہم کی جانیوالی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔

بقیہ 51

کی تعلیمی کارکردگی، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اس موقع پر انہوں نے اسکول میں قائم سائنس اور کمپیوٹر لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا۔ اسکول انتظامیہ نے انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ سیکریٹری اسکول ایجوکیشن نے تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے اسکول بس، کمپیوٹر لیب کے لیے کمپیوٹرز اور دیگر ضروری وسائل کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی بعد ازاں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن نے اسکول میں قائم مڈل اسٹینڈرڈ امتحانی مرکز کا دورہ کیا۔

بقیہ 52

سے مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری سالک حسین سے حاجی رشید خان کنڈی نے ملاقات کی جس میں خیبر پختونخوا کی سیاسی صورتحال اور پارٹی کی تنظیم سازی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفیٰ ملک، صوبائی صدر انتخاب خان چمکنی، پارٹی رہنماں ریاض خان، بلال محمد زئی اور عبدالباسط بھی موجود تھے۔

بقیہ 53

نومبر کی ذیلی انسدادِ پولیو مہم (NOVSNID) کے بعد کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ (پوسٹ کیمپین اسیسمنٹ) لیا گیا اور دسمبر میں شروع ہونے والی آئندہ مہم کے شیڈول اور پیشگی تیاریوں (کاؤنٹ ڈاؤن سرگرمیوں) کو حتمی شکل دی گئی۔ مہم کی مؤثر نگرانی اور سو فیصد کوریج کو یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر اور کمیٹی اراکین نے ضلع بھر کے موجودہ علاقائی نقشوں (پولیگونز) پر غور وخوض کے بعد انہیں مزید چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنیکا اہم فیصلہ کیا تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 54

تیاریوں، پولیو ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلاننگ، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے انتظامات، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور مہم کے دوران درپیش ممکنہ چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنے محکموں کی تیاریوں اور انتظامات سے متعلق ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے، جو بچوں کی صحت اور مستقبل کو متاثر کر سکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔

بقیہ 55

پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) کے زیر اہتمام، سینٹر آف ایکسیلنس آن کانٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم کے تعاون سے دخترانِ پاکستان مہم کے تحت سردار بہادر خان (ایس بی کے) ویمن یونیورسٹی خضدار میں ایک پروقار کری ایٹو اینڈ ایجوکیشنل ایجمنٹس سیمینار منعقد کیا گیا جس کا بنیادی مقصد معاشرے سے تشدد اور انتہا پسندی کا خاتمہ ہے۔ سیمینار کا مرکزی موضوع مضبوط خاندان، مضبوط معاشرہ غربت سے خوشحالی کی طرف تھا۔

بقیہ 56

کوریا کا کہنا تھا کہ امریکا اور اسرائیل کی جنگ میں مداخلت کا ارادہ نہیں، ایران کے خلاف جنگ کیلئے فوجیں تعینات کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں۔

بقیہ 57

کیا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کینیڈا کے مطابق طالبان کے اقتدار پر قبضے کے پانچ سال بعد بھی افغانستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بلا روک ٹوک جاری ہیں، سرعام سزائیں، خواتین کے خلاف پابندیاں اور جبری گمشدگیاں ان خلاف ورزیوں کے نمایاں پہلو ہیں۔ برلن فارن پالیسی فورم میں جرمن وزیر خارجہ یوہان ویڈفل نے واضح کیا کہ جرمنی طالبان کو افغانستان کی جائز سیاسی اتھارٹی تسلیم نہیں کرتا۔ ان کے مطابق طالبان سے سفارتی تعلقات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، جبکہ جرمنی کے رابطے ہمسایہ ممالک کے ذریعے صرف قونصلر امور تک محدود ہیں۔

بقیہ 58

کھاد تیار کر کے کراچی اور لاہور روانہ کی جا رہی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل مسعود احمد بلوچ نے کمپنی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ حکومتی پالیسی کے مطابق محکمہ زراعت، صنعت، محنت اور ماحولیات سے متعلق رجسٹریشن اور قانونی دستاویزات مکمل کی جائیں تاکہ پی ٹی ٹی ایس (PTTS) نظام کے تحت بروقت رجسٹریشن یقینی بنائی جا سکے انہوں نے کیمیکل ویسٹ کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے، سمندری و ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام، کھاد کے تھیلوں پر نمایاں کیو آر کوڈ کی تنصیب اور ترسیل کی تفصیلات محکمہ زراعت کو فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع گوادر مقبول احمد اور ڈپٹی ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن محمد اقبال بھی ان کے ہمراہ تھے جبکہ کمپنی کے جنرل منیجر شرجیل الرحمن اور اعجاز منہاس نے وفد کو بریفنگ دی۔

بقیہ 59

منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جا سکیا اس موقع پر ایس ڈی او بلڈنگز عاشق علی بوہڑ بھی ان کے ہمراہ تھے، جنہوں نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف تعمیراتی مراحل اب تک مکمل ہونے والے کاموں، جاری سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے منصوبے کے تحت تعمیراتی کاموں کی موجودہ صورتحال اور درپیش امور سے بھی آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایت کی کہ بی ایس ڈی آئی منصوبے کے تحت زیر تعمیر بی ایس کمپلیکس سمیت گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کے تمام ترقیاتی و تعمیراتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 60

دیتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم 12 دسمبر 2026 سے شروع ہو کر 15 دسمبر 2026 چار روز تک جاری رہیگا۔ پولیو کے اس مہم میں ضلع قلات کے دو تحصیل کے 19 یونین کونسلز میں 40269 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے اس مہم میں ضلع قلات میں تمام یونین کونسلز میں پولیو ٹیمیں پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر قلات عائشہ زہری نے کہا کہ پولیو ایک موضی مرض ہے اس مرض سے بچوں کو بچانے کیلئے پولیو کے قطرے پلانا بہت ضروری ہے ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے بچوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے۔

بقیہ 61

ایراوان میڈیکل سینٹر کے مطابق زخمیوں میں سے تین افراد کی حالت تشویشناک ہے، تمام افراد جھلس کے زخمی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ویڈیو میں بینکاک کے مشرقی علاقے میں واقع جائے وقوعہ سے سیاہ دھویں کے گہرے بادل اٹھتے ہوئے دکھائی دیئے۔ بینکاک کارپوریشن نے اپنے بیان میں آگ لگنے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اس کی وجہ کا پتہ لگایا جا رہا ہے، کمپنی نے یہ بھی بتایا کہ اس نے پیداواری سرگرمیاں مکمل طور پر روک دی ہیں۔

بقیہ 62

2026 کو چیف کلکٹر کسٹمز (انفورسمنٹ) کی ہدایات پر حساس اور ممکنہ اسمگلنگ کے راستوں پر نگرانی مزید سخت کرتے ہوئے ڈیجیٹل انفورسمنٹ اسٹیشن خضدار کے عملے نے چیک پوسٹ سورگز پر ایک مسافر کوچ کو روک کر تلاشی لی۔ اس دوران کوچ کے سامان رکھنے والے حصے میں ایک ٹوکری سے پلاسٹک میں لپٹے دو پیکٹ برآمد ہوئے، جن میں تقریباً دو کلوگرام مشتبہ آئس موجود تھی۔

بقیہ 63

، علاج معالجے کی سہولیات، ادویات کی فراہمی، درپیش مسائل اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے ضلعی سطح پر صحت کے شعبے میں جاری اقدامات اور متعلقہ امور سے آگاہ کیا ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات اور سیکرٹری صحت نے ہسپتال کے ایمرجنسی، او پی ڈی، جنرل وارڈز، ، لیبارٹری اور فارمیسی سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور طبی آلات کی فعالیت، ضروری ادویات کی دستیابی، تشخیصی سہولیات، مریضوں کی دیکھ بھال اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے زیرِ علاج مریضوں کی عیادت بھی کی اور انہیں فراہم کی جانیوالی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔

بقیہ 64

ایجنسی کی انتظامیہ نے سائبر حملوں کی تصدیق کی ہے۔ خبر رساں ایجنسی کی انتظامیہ کی جانب سے ارسال کردہ ایک داخلی ای میل کے مطابق سائبر حملہ پیرس کے مقامی وقت کے مطابق رات 1 بج کر 30 منٹ (پاکستانی وقت کے مطابق صبح 5 بج کر 30 منٹ) پر شروع ہوا، جس کا ہدف اے ایف پی فورم تھا۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ جیسے ہی سائبر حملوں کا علم ہوا تو احتیاطی تدبیر کے طور پر آن لائن پلیٹ فارم کو آف لائن کر دیا، جو آئندہ اطلاع تک دستیاب نہیں ہوگا، مزید برآں بیرونی ماہرین کی معاونت سے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں، فی الحال ہمارے پاس حملے کے ذمے دار عناصر سے متعلق کوئی معلومات موجود نہیں ہیں۔

بقیہ 65

امتحانی عمل، نقل کی روک تھام اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام اور سیکیورٹی کے لیے کیے گئے انتظامات کو سراہتے ہوئے انہوں نے امیدواروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نقل ایک ناسور بن چکی ہے، جس کا خاتمہ معیاری تعلیمی نظام کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے گورنمنٹ ہائی اسکول قادر آباد اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول قادر آباد کا بھی تفصیلی معائنہ کیا، جہاں تعلیمی ماحول، صفائی ستھرائی، اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ اسی طرح تحصیل پھیلاوغ کے گورنمنٹ ہائی اسکول لنڈڑا، ہائی اسکول شام امیر خان اور ہائی اسکول مالم کا بھی دورہ کیا گیا، جہاں تعلیمی سرگرمیوں، صفائی، طلبہ کی حاضری اور کلسٹر بجٹ کی تقسیم واستعمال کا معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں غیر حاضری، غفلت اور فرائض میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے، طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کرنے اور اداروں کی مسلسل نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 66

پشاور منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے میں سرچ آپریشن تاحال جاری ہے۔

بقیہ 67

گیس کمپنی کی جانب سے اوقات کار کا اعلان کرنے کے باوجود شہریوں کو گیس میسر نہیں، خواتین، بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو سردی میں سخت اذیت برداشت کرنا پڑ رہی ہے، گھریلو امور متاثر ہیں اور عوام مہنگے متبادل ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں، مگر متعلقہ ادارے عوامی مشکلات کا ادراک کرنے کے بجائے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ ایک طرف کوئٹہ کے عام شہری گیس کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، جبکہ شہر کے فوڈ پوائنٹس پر ہر وقت گیس دستیاب ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جو متعلقہ اداروں کی کارکردگی اور گیس کی منصفانہ تقسیم پر کئی سوالات اٹھاتی ہیں۔ اگر تجارتی مراکز اور فوڈ پوائنٹس کو گیس فراہم کی جا سکتی ہے تو گھریلو صارفین کو اس بنیادی سہولت سے محروم رکھنے کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے سات منتخب ایم پی ایز بھی اس سنگین عوامی مسئلے کو حل کرانے میں ناکام رہے ہیں، عوام نے اپنے نمائندوں کو مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کے لیے منتخب کیا ہے، لیکن گیس کی مسلسل عدم دستیابی سے شہریوں میں مایوسی اور بے چینی بڑھ رہی ہے۔ صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی نے گیس حکام اور متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں گیس کی فراہمی کے نظام کو فوری بہتر بنایا جائے، اعلان کردہ شیڈول پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور گھریلو صارفین کو ترجیحی بنیادوں پر گیس فراہم کی جائے، تاکہ شدید سردی میں شہریوں کو مزید مشکلات اور اذیت سے نجات مل سکے۔

بقیہ 68

شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ لوک میلہ پاکستان کی ثقافتی شناخت اور قومی یکجہتی کا مظہر ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوک میلہ میں ملک بھر کے ہنرمندوں اور فنکاروں کو صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ پاکستان میں ہنر اور ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ضرورت صرف ہنرمندوں کو مواقع فراہم کرنے کی ہے۔ وزیر مملکت حذیفہ رحمان نے کہا کہ گزشتہ سال کی زیادہ تر تجاویز اور ہدایات پر عمل درآمد کیا گیا ہے۔ لوک میلہ خیبر سے کشمیر اور گوادر سے پشاور تک پاکستان کے ثقافتی رنگ ایک چھت تلے جمع کرتا ہے۔

بقیہ 69

تحفظ، طویل اوقاتِ کار، نامناسب ماحول اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم پائیدار ٹرانسپورٹ کے موقع پر پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان سے ملحقہ آل مشترکہ بلوچستان ڈرائیورز وکلینرز ٹرانسپورٹ یونین کے زیر اہتمام جبل نور بس اڈہ کوئٹہ میں منعقدہ خصوصی پروگرام اور آگاہی ریلی کی قیادت کرتے ہوئے کیا۔ پروگرام میں ٹرانسپورٹ یونین کے رہنماں عبدالقادر استاد اور ہدایت درویش سمیت نعمت خان، سعید آغا، عطا محمد، باز محمد، یونس، اللہ اختر، انقلابی بخش کرد، محمد عمر اور دیگر مزدور رہنماں نے شرکت کی۔ پیر محمد کاکڑ اور دیگر مقررین نے کہا کہ ڈرائیورز اور کلینرز ٹرانسپورٹ نظام کو فعال رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ان کی محنت اور خدمات کے بغیر مسافروں، اشیائے ضروریہ اور تجارتی سامان کی نقل وحرکت ممکن نہیں۔

بقیہ 70

سے محروم ہوگیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

بقیہ 71

کرنے کی ہدایات کر دی گئی۔ صوبہ بھر میں سڑکیں بند کرنے والوں کے خلاف کارروائی اور گرفتاریاں ہوں گی، ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنیوالوں کو گرفتار کیا جائے گا۔ دفعہ 144 کے نفاذ کا مقصد سڑکوں کی بندش، احتجاج کے باعث عوامی آمدورفت بحال رکھنا ہے۔

بقیہ 72

۔ حکام کے مطابق ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ سعودی ڈائریکٹوریٹ آف پبلک سکیورٹی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے عطیات سرکاری اور مجاز پلیٹ فارمز کے ذریعے ہی دیں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ امداد ان لوگوں تک پہنچے جو واقعی اس کے حقدار ہیں۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی وزارت داخلہ کی جانب سے بھیک مانگنے کے عمل کو اس کی تمام تر اشکال اور صورتوں میں ختم کرنے کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہے۔

بقیہ 73

حکام نے وزیر اعلیٰ کو ادارے کی مجموعی کارکردگی، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میونسپل کارپوریشن گوادر کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود بلدیاتی قیادت اور انتظامیہ نے بہتر حکمت عملی، شفافیت اور بدعنوانی کی روک تھام کے ذریعے ادارے کو ایک مؤثر اور فعال ماڈل بنایا ہے۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن کی عمارت کی تزئین و آرائش، جدید انتظامی نظام، ڈیجیٹل لیب کے قیام، میونسپل پولیس اور فائر بریگیڈ کی تشکیل سمیت صفائی ستھرائی کے لیے جدید سوئپنگ مشینوں کی فراہمی کو قابل تحسین اقدامات قرار دیا۔

بقیہ 74

صورتحال، روڈ ٹریفک حادثات (RTAs) اور ماں و بچے کی صحت (MNCH) سے متعلق امور زیرِ بحث آئے اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ایس او پیز کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر امدادی سہولیات فراہم کی جا سکیں کمشنر نے خصوصی طور پر ایمرجنسی سروسز کے لیے مقررہ فاصلے کے حوالے سے ہدایت کی کہ موجودہ فاصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے اس میں اضافہ کیا جائے، کیونکہ پورے ضلع میں صرف ایک 1122 سینٹر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار صرف ماں اور بچے کی صحت تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ روڈ ٹریفک حادثات، طوفان، بارش اور دیگر قدرتی آفات سمیت ہر قسم کی ہنگامی اور ریسکیو صورتحال کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔

نقل کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائیگی، ولی محمد بڑیچ

نقل طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو متاثر کرتی ہے، کمشنر لورالائی ڈویژن

لورالائی(آن لائن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے ڈویژنل پبلک ہائی اسکول لورالائی کے امتحانی مرکز کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے امتحانی ہال میں جاری امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا اور مختلف کلاس رومز میں زیرِ امتحان طلباء کے پرچوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی مرکز میں کیے گئے انتظامات، طلباء کے لیے فراہم کردہ سہولیات اور امتحانی عملے کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا اور مجموعی انتظامات کو سراہا اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے متعلقہ افسران اور امتحانی عملے کو ہدایت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سڑکوں اور فٹ پاتھوں سے غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ، مہم بلا تعطل جاری رکھنے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے ویژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کے خصوصی احکامات کی روشنی میں شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں مجسٹریٹ عامر قیصرانی اور اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کے سپروائزر سرور احمد کی نگرانی میں سریاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

DAILY HAAL QUETTA
روزنامہ
حال
کوئٹہ
بانی: رشید بیگ

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار جمعہ خان کا بلاک شدہ شناختی کارڈ کھلوا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) درخواست گزار جمعہ خان نے بتایا کہ ان کے خاندانی ریکارڈ میں دو اجنبی لوگ شامل ہوگئے تھے۔ جن کی وجہ سے ان کے قومی شناختی کارڈ بلاک ہو چکے تھے۔ ان غیر متعلقہ اشخاص کو اپنی خاندانی ریکارڈ سے نکالنے اور اپنے شناختی کارڈ کے بحالی کے لیے انہوں نے متعدد بار کمیٹی کے روبرو پیش ہوئے۔ تمام ثبوت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

شہریوں کو سرکاری خدمات فراہم کی جائینگی، خالد شمس

عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہریاں جاری رہیں گی

برشور (آن لائن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی پالیسیوں اور گڈ گورننس کے وژن کے عین مطابق ضلع بھر میں عوامی شکایات کے فوری آزالے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منعقدہ کھلی کچہری میں آفسران اور سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ان کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلعی انتظامیہ اور عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

سیاسی سرگرمیوں پر قدغن لگانے کے بجائے جمہوری اصولوں کا احترام کیا جائے

بیرسٹر گوہر

مولانا کو عوام سے رابطے اور اپنا سیاسی مؤقف پیش کرنے کے حق سے محروم کرنا جمہوری اصولوں کے منافی ہے، آفتاب شیر پاؤ

سیاسی جماعتوں کو عوام سے رابطوں سے روکنا اور ان کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد کرنا کئی سوالات کو جنم دیتا ہے، بیان

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان اور سابق وفاقی وزیر و سینئر سیاستدان آفتاب احمد خان شیر پاؤ نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے ٹیلیفونک رابطے کر کے ان کی نظر بندی کی کوششوں اور جے یو آئی کے رہنماؤں و کارکنوں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے مولانا فضل الرحمٰن اور جمعیت علمائے اسلام کی قیادت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے گرفتار سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بیرسٹر گوہر علی خان نے مولانا فضل الرحمٰن سے ٹیلیفونک گفتگو کے دوران ان کی نظر بندی کی کوششوں اور جمعیت علمائے اسلام کے قائدین و کارکنوں کی گرفتاریوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سوئنیر پیش کر رہے ہیں

نقل کا خاتمہ معیاری تعلیم کیلئے ناگزیر ہے، ڈاکٹر محمد سلیم

تعلیمی اداروں میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تعلیمی اصلاحات اور سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم وضبط کی بہتری کے وژن کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اعجاز بگٹی کے ہمراہ اپر ڈیرہ بگٹی کی تحصیل قادر آباد اور پھیلاوغ کے مختلف امتحانی مراکز اور سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران مڈل اسٹینڈرڈ امتحانی مراکز میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

فرانسیسی نیوز ایجنسی پر سائبر حملہ، آن لائن پلیٹ فارم عارضی طور پر معطل

پیرس (آن لائن) پیرس میں قائم بین الاقوامی خبر رساں ادارے ایجنسی فرانس پریس (اے ایف پی) نے سائبر حملے کے بعد اپنا آن لائن پلیٹ فارم اے ایف پی فورم عارضی طور پر بند کردیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق خبر رساں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

شاہی بازار کی بحالی کا منصوبہ زیر عمل ہے، انیس گورگیج

دکانداروں کی مشاورت سے تعمیراتی کام مکمل کیا جائے گا، ڈی جی جی ڈی اے

گوادر (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے انیس طارق گورگیج کی ہدایت پر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جنت بازار کی تعمیر، توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کے جامع منصوبے پر باقاعدہ کام شروع کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں تجاوزات کے خاتمے، ملبہ ہٹانے، ارتھ ورک اور لینڈ اسکیپنگ کا کام شروع کیا گیا ہے، جس کے بعد پیور اور ٹف ٹائلنگ کی جائے گی جبکہ اگلے مرحلے میں بازار میں شیڈز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پشاور، جے یو آئی کے 16 رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف ایف آئی آر درج

پشاور (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے موٹروے ٹول پلازے کے قریب احتجاج کے معاملے میں جے یو آئی کے 16 رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی۔ پولیس نے کہا کہ ایف آئی آر ایس ایچ او کی مدعیت میں تھانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

طبی عملے کی حاضری، اے آئی نظام اور ادویات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں صحت کی سہولیات، طبی عملے کی حاضری اور ہسپتالوں و مراکز صحت کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے شرکت کی۔ اجلاس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

نئے صوبوں پر پارٹی رائے طلب، حتمی فیصلہ عمران خان کرینگے، بیرسٹر علی ظفر

پیپلز پارٹی عملی اقدامات کرتی ہے تو پی ٹی آئی کیلئے اسکے ساتھ ایک موثر، جمہوری اپوزیشن اتحاد کی گنجائش پیدا ہوسکتی ہے

ریفرنڈم کا آئینی طریقہ کار موجود ہے اور پارلیمنٹ سادہ اکثریت سے کسی معاملے پر ریفرنڈم کرانے کا فیصلہ کرسکتی ہے

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے سینیئر اور پارلیمانی لیڈر بیرسٹر علی ظفر نے انکشاف کیا ہے کہ عمران خان نے 28 ویں آئینی ترمیم اور نئے صوبوں کے قیام سمیت اہم قومی معاملات پر پارلیمانی پارٹی کو مشاورت اور اپنی سفارشات مرتب کرنے کی ہدایت کی ہے جس کے بعد حتمی فیصلہ وہ خود کریں گے، عمران خان کی صحت اور بشریٰ بی بی کی صحت کے حوالے سے لطیف کھوسہ نے پارلیمانی پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

مراکز صحت کی نگرانی کا عمل جاری رہے گا، ڈاکٹر محمد فہیم

سرکاری ہسپتالوں میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں، ڈی ایچ او لورالائی

لورالائی (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صحت کے وژن اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر محمد فہیم خان نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) کچھ عمکزئی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا دورے کے دوران ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال اور بعض عملے کی غیر حاضری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

فیصل آباد بدترین ٹریفک حادثہ، ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں بحق

کار میں سوار گھر کا سربراہ ذوالفقار احمد، بیٹا کاشف، کاشف کی تین بیٹیاں زینب، علیزہ، مرحا اور مصباح جاں بحق ہوئے

جاں بحق ہونے والی یاسر کی اہلیہ حاملہ تھیں، الائیڈ اسپتال میں ان کے پیٹ میں موجود بچے کو بچانے کی کوشش کی جارہی

فیصل آباد (آن لائن) فیصل آباد کے علاقے رجانہ روڈ پر گاڑی اور ٹریکٹر ٹرالی کے ٹکرانے کے باعث بدترین حادثہ پیش آیا جس میں حاملہ خاتون سمیت شادی سے واپس آنے والے ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے نواحی گاؤں 66 دھاندرہ کے رہائشی باپ، بیٹے، پوتے پوتیوں، بہو سمیت ایک ہی خاندان کے 11 افراد ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

گیس کی عدم دستیابی سے عوام اذیت میں مبتلا ہیں' امان شاہ

کوئٹہ میں سردی کے باوجود گیس کی عدم دستیابی عوام کے ساتھ ظلم ہے' صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کوئٹہ میں سردی کی شدت کے باوجود گیس کی عدم دستیابی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہری شدید سرد موسم میں گیس کی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، جبکہ گیس کمپنی کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق بھی گھروں میں گیس دستیاب نہیں ہوتی، جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

خیبر میں سرچ آپریشن، دہشتگردوں سے فائرنگ کا تبادلہ، 6 پولیس اہلکار زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر کے علاقے ملوارڈ، اکاخیل میں پولیس کی جانب سے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 6 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

گوادر، سیکرٹری تعلیم کا گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول کا دورہ

امتحانی نظام میں شفافیت اور میرٹ ہر صورت یقینی بنایا جائے، لعل جان جعفر

گوادر (آن لائن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی، تدریسی معیار اور امتحانی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، اس سلسلے میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر نے دورہ گوادر کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا، طالبات سے ملاقات کی اوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

خیبر پختونخوا میں اہم سیاسی رہنماؤں کی مسلم لیگ (ق) میں شمولیت

اسلام آباد (آن لائن) خیبر پختونخوا میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والی اہم سیاسی و سماجی شخصیات نے مسلم لیگ (ق) میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ جمعہ کو مسلم لیگ (ق) کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق اس حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

برشور میں دسمبر کی قومی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ

پولیو مہم میں سو فیصد کوریج کے لیے علاقوں کو مزید حصوں میں تقسیم کرنے کا فیصلہ

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت دسمبر 2026 کی قومی انسدادِ پولیو مہم (DECNID 26) کی تیاریوں کے حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیو اریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا ایک اہم اجلاس ڈی سی کانفرنس ہال میں منعقد ہوا، اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہریرہ، اسسٹنٹ کمشنر توبہ کاکڑی معید جاموٹ، ضلعی پولیو آفسران، ایکاسس (ACASUS) کے امپلیمینٹیشن ایسوسی ایٹ عمران خان اور دیگر متعلقہ نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

کوہلو میں انسداد پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ

پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور مؤثر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس طیب اقبال، اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق کاکڑ، ڈبلیو ایچ او کے سردارزادہ ڈاکٹر عالمگیر خان زرکون اور پولیو پروگرام کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ انسدادِ پولیو مہم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی سفارتی و سیاسی کوششوں کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے

سیدال خان

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی ٹورنٹو آمد پر پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے پرتپاک استقبال، استقبالیہ تقریبات اور عشائیوں کا اہتمام

پاکستان کی موجودہ قیادت ملک کی ترقی، خوشحالی اور عالمی امن کے قیام کے لیے سرگرم عمل ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا خطاب

ٹورنٹو (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی کینیڈا کے شہر ٹورنٹو آمد پر پاکستانی کمیونٹی کی ممتاز سیاسی، سماجی، کاروباری اور صحافتی شخصیات، مقامی پارلیمانی نمائندوں اور دیگر معززین نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر پاکستانی کمیونٹی کے نمائندوں نے ان کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان اور کینیڈا کے تعلقات، بیرون ملک پاکستانیوں کے مثبت کردار اور مختلف شعبوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

خواتین کو تعلیم و ہنر سے بااختیار بنانا ناگزیر ہے، عبدالرزاق ساسولی

مضبوط اور پرامن خاندان ہی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (آن لائن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا ہے کہ خاندان معاشرے کی بنیادی اکائی ہے اور اگر خاندان تعلیم یافتہ مضبوط اور پرامن ہوگا تو پورا معاشرہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا انہوں نے انتہا پسندی ہرقسم کے تشدد کے مکمل خاتمے اور خواتین کو تعلیم وہنر کے ذریعے بااختیار بنانے کی اہمیت کو اجاگر کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

پاکستان کا 2035 تک اپنا خلائی مشن چاند پر اتارنے کا ہدف ہے

احسن اقبال

اڑان پاکستان کے تحت 2035 تک ایک ہزار ارب اور 2047 تک 3 ہزار ارب ڈالر کی معیشت کا ہدف ہے، وفاقی وزیر

پاکستان آئندہ قمری مشن میں چاند پر روور بھیجنے کیلئے پرامید ہے، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سے قدرتی آفات کی پیشگی اطلاع ممکن ہے

بیجنگ (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کا 2035 تک چاند پر اترنے کا ہدف ہے، پاکستان آئندہ قمری مشن میں چاند پر روور بھیجنے کے لیے پرامید ہے، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سے قدرتی آفات کی پیشگی اطلاع اور امدادی نظام کو موثر بنایا جا سکتا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب میں احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان آئندہ قمری مشن میں چاند پر روور بھیجنے کے لیے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مزدوروں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائینگے، پیر محمد کاکڑ

عالمی یوم پائیدار ٹرانسپورٹ کے موقع پر پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے زیر اہتمام ریلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پائیدار ٹرانسپورٹ کا حقیقی تصور اسی وقت مکمل ہوسکتا ہے جب ڈرائیورز اور کلینرز کے بنیادی حقوق، روزگار کا تحفظ، محفوظ کام کا ماحول اور سماجی و معاشی فلاح و بہبود یقینی بنائی جائے، ٹرانسپورٹ کے شعبے سے وابستہ محنت کش ملکی معیشت اور سفری نظام میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں، مگر انہیں آج بھی ملازمت کے عدم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت نے لوک میلہ 2026 کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے لوک میلہ 2026 کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کے علاوہ وزیر مملکت حذیفہ رحمان، وفاقی سیکرٹری اسد رحمان گیلانی ڈاکٹر وقاص سلیم اور دیگر معزز شخصیات نے خاص طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کا انتقال بڑا صدمہ ہے، وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نواب محمد اسلم خان رئیسانی کے بھائی نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں نواب محمد اسلم خان رئیسانی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک ہے۔ ان کے انتقال سے خاندان ایک اہم شخصیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)

خیبر پختونخوا میں احتجاجی سرگرمیوں سے نمٹنے کیلئے دفعہ 144 نافذ

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں احتجاجی سرگرمیوں سے نمٹنے کے لئے دفعہ 144 نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق صوبے کے تمام اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کرنے کے احکامات جاری کردیئے گئے، تمام ڈپٹی کمشنرز کو اپنے اضلاع میں دفعہ 144 نافذ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 71)

کوئٹہ، ایم کیو ایم پاکستان بلوچستان کے صوبائی صدر ملک عمران کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خضدار، کوچ سے 13 کروڑ 66 لاکھ روپے مالیت کی آئس برآمد

ایم ایٹ روڈ چیک پوسٹ سورگز پر پنجگور سے لاڑکانہ جانے والی کوچ کی تلاشی، دو مشتبہ مسافر گرفتار، مقدمہ درج

خضدار (آن لائن) پاکستان کسٹمز (انفورسمنٹ) گڈانی کے ڈیجیٹل انفورسمنٹ اسٹیشن خضدار نے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایم ایٹ روڈ پر چیک پوسٹ سورگز کے مقام پر پنجگور سے لاڑکانہ جانے والی مسافر کوچ سے تقریبا 2 کلوگرام آئس (میتھ ایمفیٹا مین) برآمد کرلی، جس کی عالمی مارکیٹ میں مالیت تقریبا 13 کروڑ 66 لاکھ روپے بتائی گئی ہے تفصیلات کے مطابق 26 نومبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

گوادر نارتھ فری زون میں کھاد تیار کرنے والی کمپنی کا محکمہ زراعت کے حکام کا دورہ

کھاد کی تیاری اور ترسیل میں قانونی تقاضوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مسعود احمد بلوچ

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ترقیاتی وژن اور سیکرٹری زراعت داؤد احمد خلجی کی سرپرستی میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ زراعت توسیع بلوچستان مسعود احمد بلوچ نے گوادر نارتھ فری زون میں قائم ایگری فرٹیلائزرز مینوفیکچرنگ کمپنی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمپنی کی سرگرمیوں، کھاد کی تیاری اور ترسیل کے نظام سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ کمپنی میں فی الحال ڈی اے پی (DAP) اور ایس او پی (SOP) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

جنوبی کوریا کا ایران کے خلاف جنگ میں شرکت سے انکار

سیئول (آن لائن) جنوبی کوریا نے ایران کے خلاف جنگ میں شرکت سے انکار کر دیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ نے عباس عراقچی سے ٹیلی فونک گفتگو کی، دونوں وزرائے خارجہ نے دوطرفہ امور اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر وزیر خارجہ جنوبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اوستہ محمد گرلز ڈگری کالج کی تعمیر مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

ترقیاتی منصوبوں میں غیر معیاری میٹریل کا استعمال برداشت نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال نے بی ایس ڈی آئی BSDI منصوبے کے تحت زیرِ تعمیر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج اُستا محمد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کالج کی زیر تعمیر عمارت کے مختلف حصوں جاری تعمیراتی سرگرمیوں اور منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کاموں کے معیار استعمال ہونے والے میٹریل اور کام کی رفتار کا بھی معائنہ کیا تا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

افغان طالبان کی پالیسیوں پر عالمی تنقید، ایمنسٹی انٹرنیشنل کا احتساب کا مطالبہ

اوٹاوا (آن لائن) ایمنسٹی انٹرنیشنل اور یورپی ممالک نے افغانستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر سخت موقف اختیار کیا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کینیڈا نے افغانستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے افغان طالبان کو عالمی کٹہرے میں لانے کا مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

کوئی قوم نصف آبادی کو ترقی کے عمل سے باہر رکھ کر ترقی نہیں کرسکتی

اعظم نذیر تارڑ

کم عمری کی شادیوں کے خلاف قانون لازمی نوعیت کا ہے، قانون کی خلاف ورزی پر قانونی نتائج ہوں گے، وزیر قانون

کم عمری کی شادیوں کے خاتمے کیلئے افریقی ممالک کیساتھ مشترکہ ورکنگ گروپ بنانے کا منصوبہ ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون و انصاف وانسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کم عمری کی شادیوں کے خاتمے کے قومی فریم ورک کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر قانون نے کہا کہ کم عمری کی شادیوں کے خلاف قانون لازمی نوعیت کا ہے، قانون کی خلاف ورزی پر قانونی نتائج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ 18 سال کی عمر کی حد پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بینکاک، تیل کی تنصیب پر زوردار دھماکے، 9 افراد جھلس کر زخمی

بینکاک (آن لائن) تھائی لینڈ کے دارالحکومت بینکاک میں تیل کی تنصیب پر زوردار دھماکے کے بعد آگ لگنے سے 9 افراد زخمی ہوگئے۔ حکام کے مطابق تنصیب میں لگنے والی آگ بجھادی گئی ہے تاہم آتشزدگی کے بعد قریبی رہائشیوں کو عارضی طور پر وہاں سے نکال دیا گیا بینکاک میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

قائمقام گورنر عبدالخالق اچکزئی سے ڈی جی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان ڈاکٹر جلال فیض ملاقات کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مجیب الرحمن مری سے پارلیمانی سیکرٹری میر اصغر رند ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پوری تحصیل گوادر کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کا اعلان کردیا

گوادر میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی دیگر بلدیاتی اداروں کے لیے قابل تقلید مثال ہے، وزیر اعلیٰ

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دورہ گوادر کے موقع پر میونسپل کارپوریشن گوادر کی عمارت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلدیاتی ادارے کی کارکردگی، انتظامی اصلاحات، دستیاب سہولیات اور صفائی ستھرائی کے نظام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، صوبائی وزراء، کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ اور دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر اور متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 73)

ریاض میں بھیک مانگنے والا پاکستانی شہری گرفتار

ریاض (جی این ایم) سعودی حکام نے ریاض شہر میں ایک پاکستانی شہری کو گرفتار کرلیا ہے، جس پر بھیک مانگنے کا الزام ہے۔ سعودی اخبار کی رپورٹ کے مطابق ریاض کے علاقے میں سیکیورٹی گشت پر مامور اہلکاروں نے بھیک مانگنے میں ملوث ایک پاکستانی شہری کو گرفتار کرلیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 72)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات اور سیکرٹری صحت کا گوادر ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کا معیار بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، حکام

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور صوبائی حکومت کی صحت عامہ سے متعلق پالیسی کے تحت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، انتظامی امور اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ دورہ کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، دستیاب طبی وسائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

کراچی، 2 ٹریلرز میں تصادم، ایک شخص زخمی

کراچی (آن لائن) کراچی میں مائی کلاچی روڈ پر امریکی سفارت خانے کے قریب 2 ٹریلرز آپس میں ٹکرا گئے، حادثے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق زخمی شخص کی شناخت 30 سالہ مہربان ولد بشیر کے نام سے ہوئی، زخمی کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔

قلات میں 12 دسمبر سے چار روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگی

ضلع قلات میں 40 ہزار 269 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو مہم سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ایم ایس ڈاکٹر سومار خان ڈی ایم پی پی ایچ آئی زین العابدین ڈی ایس پی قلات شکیل عمرانی سمیت محکمہ صحت قلات اور دیگر تمام محکموں کے سربراہان ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آنے والے پولیو مہم سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے پولیو مہم سے متعلق تفصیلی بریفنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

لورالائی میں 1122 ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار وسیع کرنے کی ہدایت

ریسکیو سروسز میں ٹریفک حادثات اور قدرتی آفات کو بھی شامل کیا جائے، کمشنر ولی محمد بڑیچ

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ سے MERC / بیس 1122 لورالائی سینٹر کے انچارج نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ دفتر کمشنر میں ملاقات کی، جس میں 1122 کی ہنگامی امدادی خدمات، اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور سروسز کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران 1122 سینٹر کے ایس او پیز (SOPs) کے حوالے سے کمشنر لورالائی ڈویژن کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ایمرجنسی سروسز کے دائرہ کار، فاصلے کے تعین، لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے MNCH سے متعلق ڈیٹا، طبی ہنگامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 74)

کوئٹہ، منصور فاؤنڈیشن کے سربراہ حسن اچکزئی کی جانب سے ذکواۃ مستحقین اور بچوں میں گرم کمبل اور جیکٹ تقسیم کیے جا رہے ہیں